عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز جمعہ 20 نومبر 2026ء/ 9 جمادی الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 233

بسوں کے قریب مسافر بس اور ایل پی جی بازر میں تصادم، 12 افراد جاں بحق 27 زخمی

زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اور ماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی، جاں بحق افراد میں 10 بس مسافر اور بازر کا عملہ شامل، پاک بحریہ اور ریسکیو 1122 نے مشترکہ امدادی کارروائیاں کیں، ہسپتالوں میں

اور ماڑہ (جی این ایم) اور ماڑہ بسول کے قریب چاھی کے مقام پر مسافر بس اور ایل پی جی گیس بازر کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں میں شدید آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث 12 افراد جاں بحق اور 27 زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق آزاد دشت کوچ 46 مسافروں کو لے کر تربت سے کراچی جا رہی تھی کہ بسول کے قریب کراچی سے 250 بارڈر کی جانب جانے والا ایل پی جی گیس (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

آئی جی، ڈی آئی جی کی ہدایت پر قلعہ عبداللہ میں سیکیورٹی سخت

کوئٹہ چمن قومی شاہراہ پر پولیس گشت، ناکہ بندی اور اسنیپ چیکنگ تیز

قلعہ عبداللہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس ژوب ریجن کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ پولیس قلعہ عبداللہ نے ضلع بھر بالخصوص کوئٹہ چمن قومی شاہراہ پر سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کر دیے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

عوام کو صاف ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، مصدق ملک

میتھین گیس کے اخراج پر قابو پانا موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ناگزیر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد/ انطالیہ (جی این ایم) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ میتھین گیس کے اخراج پر قابو پانا موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ناگزیر ہے، عوام کو صاف فضا اور صحت مند ماحول (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اکتوبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی مہنگی ہونے کا امکان

صارفین پر 29 ارب 80 کروڑ کا اضافی بوجھ متوقع، 26 نومبر کو سماعت کی جائے گی

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر کے بجلی صارفین کیلئے اکتوبر کی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، خواجہ آصف

اقوام متحدہ کے امن مشنز میں 183 پاکستانی اہلکاروں نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، پاکستان کی خدمات اور قربانیاں اس کے فعال بین الاقوامی کردار کا ثبوت ہیں

عالمی سطح پر وقار، انسانیت، انصاف اور پائیدار امن کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، وزیر دفاع کا شوما ن سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم سے خطاب

برسلز (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عالمی امن کیلئے اجتماعی شعور، مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، امن صرف جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ پائیدار استحکام کیلئے انسانی سلامتی کو ترجیح دینا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پاکستان کے فری لانسرز عالمی ڈیجیٹل خدمات کی منڈی میں اپنی موجودگی بڑھا رہے ہیں، خرم شہزاد

رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران فری لانسرز کی مجموعی برآمدی آمدن 76 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کے فری لانسرز عالمی ڈیجیٹل خدمات کی منڈی میں اپنی موجودگی بڑھا رہے ہیں، خدمات (باقی صفحہ 2 نمبر 14)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف قطر کی سکیورٹی فورس اور فیڈرل کانسٹیبلری پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے موقع پر موجود ہیں

مسلح افواج جدید تقاضوں کے مطابق تیار ہیں، نیول چیف

پاک فضائیہ کی تابناک تاریخ ہے جو اسے ورثے میں ملی ہے، قوم کا اعتماد افواج پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہے، پاکستان اور ترکیے کے درمیان دیرینہ دفاعی شراکت داری قائم ہے

مسلح افواج جنگ کے نئے رجحانات اور تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں، ایڈمرل نوید اشرف کا رسالپور پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ کی تقریب سے خطاب

رسالپور (جی این ایم) امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ جنگ کے طریقے تبدیل ہو چکے ہیں، مسلح افواج نئے تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔ رسالپور پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن پریڈ کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

قلات میں خواتین کے مسائل حل کرنے کی ہدایت

شیشہ ڈغار میں بجلی اور محلہ خیل میں پانی کے مسائل فوری حل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری سے محلہ شیشہ ڈغار اور محلہ خیل کی خواتین کے وفد کی ملاقات۔ ملاقات کے دوران خواتین وفد نے ڈپٹی کمشنر کو کلی ہنگلوئی شیشہ ڈغار کے ٹرانسفارمر کی خرابی، محلہ خیل میں پانی کی قلت اور دیگر درپیش مسائل سے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)



تمام شعبوں میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہیں، وزیر اعظم

حکومت زراعت میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی، فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے لیے جدید مشینری ناگزیر ہے، شہباز شریف کا مریکن بزنس کونسل سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت نے معاشرے کے کمزور طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سبسڈی پروگرام وضع کیا، معاشی استحکام کے حصول کے لیے کاروں نے صنعت، زراعت اور آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان کا ساتھ دیا، سرمایہ کاری کا عزم برقرار رکھنے پر ان کے شکر گزار ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سرمایہ کاروں کے مسائل فوری حل کرنے کے لیے مؤثر نظام وضع کیا جائے گا، دفتری پیچیدگیاں سرمایہ کاروں کی حوصلہ شکنی کا باعث بنتی ہیں، سرمایہ کاروں کی جائز شکایات کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ تمام شعبوں میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں، 2023 میں پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے لیے کنٹین خطرہ کا سامنا تھا، تاہم عالمی اور خلیجی برادران کے باوجود معاشی استحکام برقرار رکھنے کی کوششیں جاری

عام آدمی نے بڑی قربانیاں دی ہیں۔ امریکن بزنس کونسل سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کے معاشی مفادات کے فروغ میں امریکی سرمایہ کاروں کا اہم کردار ہے، امریکی سرمایہ

شیرانی میں دو کم سن بچوں کی لاشیں برآمد

ڈپٹی کمشنر شیرانی کی کوششوں سے احتجاج ختم، لاشیں ورثا کے حوالے

شیرانی (خ ن) ضلع شیرانی میں دو کم سن بچوں کی لاشیں ملنے کے افسوسناک واقعے پر ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن مانی خواہ گل نواز بلوچ کے ہمراہ جائے وقوعہ کا دورہ کیا اور امدادی و انتظامی کارروائیوں کی خود نگرانی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

حکمرانی کسی کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے، طارق فضل

پیپلز پارٹی اپنی کارکردگی کا جائزہ لے، عوامی ریفرنڈم کو چور دروازہ کہنا جمہوری سوچ نہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

نظام کی اصلاح کسی ایک جماعت کی اجارہ داری نہیں، عوام کو بھی براہ راست رائے دینے کا حق ہے، بلاول بھٹو کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ نظام کی اصلاح اور مستقبل کے فیصلوں کا اختیار کسی ایک سیاسی جماعت کی اجارہ داری نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے۔ عوامی ریفرنڈم کو چور دروازہ قرار دینا جمہوری سوچ کی عکاسی نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بلاول نے سندھ کے عوام کے فیصلے کے برعکس اقدام کے نتائج پر بات کی ہے، شازیہ مری

سندھ اسمبلی کی قرارداد کے بعد نئے صوبے کی بات پر فل اسٹاپ لگ جانا چاہیے تھا، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے بلاول بھٹو زرداری کے بیان کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول نے سندھ کے عوام کے اس فیصلے کے برعکس اقدام کے نتائج پر بات کی ہے۔ ایک انٹرویو میں شازیہ مری نے کہا کہ سندھ اسمبلی کی قرارداد کے بعد نئے صوبے کی بات پر فل اسٹاپ لگ جانا چاہیے تھا، کیوں کہ سندھ اسمبلی متعدد بار کہہ چکی ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سردی کی لہر برقرار

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی اضلاع میں سردی کے ساتھ (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

لاہور ہائیکورٹ، فارن فنڈنگ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی فارن فنڈنگ کیس سے متعلق 4 سال پرانی درخواست پر سماعت تین ہفتوں کیلئے ملتوی ہوگئی۔ لاہور ہائیکورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 32)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قلعہ عبداللہ میں امن امان کی صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر قلات کی زیر صدارت اجلاس، پولیو مہم کی کارکردگی کا جائزہ

بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو مہم کامیاب بنانا ضروری ہے، عائشہ زہری

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی زیر صدارت پولیو پوسٹ کمپین SNID ریویو میٹنگ منعقد ہوئی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالمالک، ڈی ایم پی پی ایچ آئی زین العابدین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نثار احمد نورزئی، تحصیلدار خالق آباد امجد علی سمیت محکمہ صحت کے افسران، ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

کوئٹہ، ایئرپورٹ پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

غیر قانونی اسلحہ رکھنے والا ایک اور ملزم بھی حراست میں، ڈی آئی جی اور ایس ایس پی آپریشنز کی ہدایت پر کارروائیاں جاری

کوئٹہ (جی این ایم) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شو کت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیا الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات، اور ایس پی صدر شفقت امیر تھوجہ و ڈی ایس پی عبدالرب کاکڑ کی نگرانی میں ایئرپورٹ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث گینگ کو دبوچ لیا ہے۔ ایس ایچ او ایئرپورٹ امین جعفر نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث (باقی صفحہ 2 نمبر 30)



اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کی تنظیم کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤ کم ہورن کا استقبال کر رہے ہیں

بلوچستان میں امن خوشحالی پائیدار ترقی کیلئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے، فیلڈ مارشل

مشکل آپریشنل حالات میں پاک فوج کے جوانوں کا مادر وطن کے دفاع کے لئے غیر متزلزل عزم قابل تحسین ہے

فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، سید عاصم منیر کا تربت کا دورہ، شہدائے وطن کی یادگار پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

راولپنڈی (جی این ایم) چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن، خوشحالی، پائیدار ترقی کیلئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے، پاک فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے تربت کا دورہ کیا، شہدائے وطن کی یادگار پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ فیلڈ مارشل کو کو آپریشنل تیاریوں اور بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں پر بریفنگ دی گئی۔ سید عاصم منیر کو بلوچستان میں جاری سماجی و معاشی ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا، فیلڈ مارشل نے مشکل آپریشنل حالات میں پاک فوج کے جوانوں اور افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بلند حوصلے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

بنوں میں نامعلوم افراد کے تشدد سے پولیس اہلکار جاں بحق، ملزمان فرار

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلعبنوں میں نامعلوم افراد کے تشدد سے پولیس اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ پولیس حکام کے مطابق بنوں کے علاقے تا زری چوک میں نامعلوم (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بچوں کے استحصال میں ملوث افراد کیلئے نیا ایکٹ لائیں گے، مریم نواز

لاہور (جی این ایم) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ بچوں اور خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے سپیڈی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

متبادل ادویات کی تیاری اور فروخت کو قانونی ضوابط کے تحت لانے کا فیصلہ

وٹامنز، ملٹی وٹامنز، فوڈ سپلیمنٹس شعبہ بھی ریگولیٹری نظام میں شامل کر لیا گیا، میمورنڈم جاری

اسلام آباد (جی این ایم) متبادل ادویات کی تیاری اور فروخت کو قانونی ضوابط کے تحت لانے کا فیصلہ کیا۔ ڈریپ نے متبادل ادویات کیلئے باضابطہ قوانین اور کوالٹی کنٹرول پیرامیٹرز تیار کر لئے، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) نے میمورنڈم جاری کر دیا۔ وٹامنز، ملٹی وٹامنز، فوڈ سپلیمنٹس شعبہ بھی ریگولیٹری نظام میں شامل کر لیا گیا، میمورنڈم میں وٹامنز، (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

سمندر سندھ کی زمین نگلنے لگا، تقریباً 6 لاکھ افراد نقل مکانی پر مجبور

انڈس ڈیلٹا میں میٹھے پانی کی کمی سے زرعی زمینیں بنجر، ماہی گیری کے مواقع محدود

کراچی (جی این ایم) سندھ کے ساحلی علاقوں میں سمندر کی بڑھتی ہوئی پیش قدمی اور دریائے سندھ کے میٹھے پانی کی قلت نے انڈس ڈیلٹا کی بقا کو خطرے میں ڈال دیا ہے، جس کے باعث اب تک تقریباً 6 لاکھ افراد اپنے آبائی علاقوں سے نقل مکانی کر چکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق زرعی زمینیں بنجر ہونے اور روزگار کے روایتی ذرائع ختم ہونے سے ساحلی آبادی کو شدید (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پاکستان آسیان کیساتھ تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا خواہاں ہے، اسحاق ڈار

دنیا میں مکالمے کے فروغ کیلئے آسیان کی کوششوں کو اہمیت دیتے ہیں، امن، استحکام اور مشترکہ ترقی کیلئے اجماعتی کوششیں ضروری ہیں، نائب وزیر اعظم

تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی میں تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، عوامی روابط، ثقافتی تبادلوں اور نجی شعبے کی ترقی میں تعاون ناگزیر ہے، کامکم ہورن

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان آسیان کے ساتھ تجارت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا خواہاں ہے۔ آسیان کے سیکرٹری جنرل کامکم ہورن کے ساتھ ملاقات کے موقع پر نائب وزیر اعظم نے کہا ہے کہ پاکستان آسیان کے فروغ کیلئے آسیان کی کوششوں کو اہمیت دیتا ہے، امن، استحکام اور مشترکہ ترقی کیلئے اجماعتی کوششیں ضروری ہیں۔ نائب وزیر اعظم (باقی صفحہ 2 نمبر 5)



ترت، چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل عاصم منیر ترت، بلوچستان میں شہداء یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

حماد غزنوی پاکستان انفارمیشن کمیشن کے نئے انفارمیشن کمشنر تعینات، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے حماد غزنوی کو پاکستان انفارمیشن کمیشن کا انفارمیشن کمشنر مقرر کر دیا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے تقرری کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تقرری ایم پی ون اسکیل (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

انعام الحق پٹھان ایس ایس پی ریلوے سکھر ڈویژن مقرر، اہم ذمہ داریاں سونپ دی گئیں

سکھر (اسلم سومرو) انعام الحق گل کو ایس ایس پی ریلوے سکھر ڈویژن مقرر کر دیا گیا ہے، انہیں نئی تعیناتی کے بعد ریلوے پولیس سکھر ڈویژن کی اہم انتظامی او رتھکانہ ذمہ داریاں سونپ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

سی، عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ادائیگی پوائنٹ کا دورہ

امدادی رقوم کی ادائیگی میں غفلت یا تاخیر کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انتباہ جاری

سی (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر سی کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے ادائیگی پوائنٹ کا دورہ کیا، جس کا مقصد گزشتہ روز سامنے آنے والی عوامی شکایات کے حقائق معلوم کرنا اور مستحقین کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے نشاندہی کی کہ بعض مستحق خواتین کی جانب سے قسط کی ادائیگی میں غیر ضروری تاخیر کی شکایات موصول ہوئی ہیں، جبکہ پوائنٹ پر خواتین کے بیٹھنے کے لیے مناسب انتظار گاہ کی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

جامعہ گوادر کے اسپرنگ 2027 داخلوں کی تیاریاں

داخلہ ٹیسٹ اور امتحانات دسمبر کے آخری ہفتے میں منعقد ہوں گے، وائس چانسلر

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر میں اسپرنگ 2027 کے داخلہ ٹیسٹ، امتحانات کے شیڈول، طلبہ کی فیسوں کی ادائیگی، اسکالرشپ چیکس کی تقسیم کے طریقہ کار اور تعلیمی کیلنڈر سے متعلق امور کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کی۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، ڈین سوشل (باقی صفحہ 2 نمبر 21)



بکاک، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سیودی چلڈرن پالیسی ڈائیلاگ کے موقع پر یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

سوات اور گردونواح میں زلزلے کے شدید جھٹکے، شدت 4.5 ریکارڈ

سوات (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی، زلزلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ایرانی وزیر خارجہ کی قطری نمائندوں سے ملاقات، خطے میں کشیدگی کم کرنے پر زور

عمان (جی این ایم) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عمان میں قطری نمائندوں سے ملاقات کی ہے، قطر کے وزیر اعظم (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

وزیر اعظم کی ہدایات پر مولانا فضل الرحمٰن اور اسعد محمود سے سیکیورٹی واپس لے لی گئی

کارکن تیار رہیں، قائد جمعیت کے تحفظ کے لئے کسی بھی وقت کال دی جا سکتی ہے

مولانا فضل کو کسی قسم کے نقصان کی ذمہ داری وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی پر ہوگی، ترجمان جے یو آئی

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود سے حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سیکیورٹی واپس لے لی گئی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ رات وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایات پر ڈیرہ اسماعیل خان میں مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ پر تعینات ایف سی کا پلاٹون واپس بلا لیا گیا، جبکہ مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ تعینات پولیس کی تمام سیکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

سی و گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو روٹی 40 روپے ٹماٹر 200 روپے کلو فروخت

مہنگائی کے خلاف شہر بھر کوئی کارروائی کرنے کو تیار نہیں عوم کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا سلسلہ جاری

سی (جی این ایم) سی و گردونواح میں مہنگائی کا جن بے قابو روٹی 40 روپے ٹماٹر 200 روپے کلو پیاز لہسن بھی غریب کی پہنچ سے دور . دوکانداروں سے خریداروں کی بحث و تکرار معمول بن گیا گرانفروشی اور مہنگے داموں اشیاء کی فروخت کے بارے میں کوئی پوچھنے والا نہیں' تفصیلات کے مطابق سی و گردونواح میں پھلوں، سبزیوں کے ساتھ ساتھ روز مرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا گیا ٹماٹر 200 روپے میں فروخت ہونے لگے لہسن (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

بکاک، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سیودی چلڈرن پالیسی ڈائیلاگ کے موقع پر یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

بلوچستان کے نوجوانوں میں غیر معمولی صلاحیتیں موجود ہیں، وزیر اعلیٰ

نوجوان انجینئرز کی عالمی سطح پر کامیابی بلوچستان کے روشن مستقبل کی عکاس ہے، مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنا اہم ہے

ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جدید مہارتوں، پیشہ ورانہ ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے، گفتگو

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے 18 نوجوان انجینئرز نے ارجنٹائن اور زیمبیا میں عالمی معیار کی بین الاقوامی تکنیکی تربیت کامیابی سے مکمل کر لی، تربیت حاصل کرنے والے نوجوان انجینئرز میں چار خواتین بھی شامل ہیں۔ نوجوان انجینئرز نے ارجنٹائن کی ویلا ڈیرو مائن اور زیمبیا کی لومووانا مائن میں ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت تربیت حاصل کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

چینی کی قیمتوں سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اہم اجلاس، طلب، دستیابی اور رسد کا جائزہ

مارکیٹوں میں چینی کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کئے جائیں، اسحاق کی ہدایات

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اضافی چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر میں چینی کی مجموعی طلب، دستیابی اور رسد کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران چینی کی موجودہ پیداوار اور کھپت کے تخمینوں پر غور کیا گیا، جبکہ سپلائی چین کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا تاکہ ملک کی مقامی منڈیوں میں چینی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے متعلقہ حکام (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 0313682394/603327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

ایرانی پٹرول ہزاروں خاندانوں کا ذریعہ معاش

آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مرکزی صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی اور دیگر عہدیداروں نے کہا ہے کہ ایرانی پٹرول ہزاروں بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار اور باعزت ذریعہ معاش کی حیثیت رکھتا ہے، جس سے نہ صرف نوجوان بلکہ ہزاروں خاندانوں کا چولہا جل رہا ہے۔حکومت کو چاہیے کہ اس کاروبار سے منسلک افراد کے مسائل کو سنجیدگی سے سمجھتے ہوئے انہیں سہولیات فراہم کرے تاکہ ان کے روزگار کو تحفظ حاصل ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے ہی بے روزگاری کی شرح تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہے، سرکاری سطح پر روزگار کے مواقع محدود ہیں جبکہ نجی شعبے میں بھی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مناسب مواقع موجود نہیں۔ایسے حالات میں ایرانی پٹرول کا کاروبار ہزاروں نوجوانوں کے لیے معاشی سہارا بنا ہوا ہے۔اگر اس کاروبار سے وابستہ افراد کو مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا تو اس کے اثرات براہ راست ہزاروں خاندانوں کی معاشی زندگی پر مرتب ہوں گے۔عہدیداروں نے کہا کہ حکومت روزگار کے اس ذریعے کو ختم کرنے یا محدود کرنے کے بجائے اس سے وابستہ افراد کے لیے واضح اور قابل عمل پالیسی مرتب کرے، انہیں قانونی تحفظ فراہم کیا جائے اور کاروبار کو بہتر انداز میں جاری رکھنے کے لیے ضروری سہولیات مہیا کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ بے روزگاری کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، نوجوانوں سے روزگار چھیننے کے بجائے انہیں روزگار کے مزید مواقع فراہم کیے جائیں۔

امن کا پیغام اور قوم

از قلم /// غلام رسول بلوچ

کسی بھی قوم کی بقاء ترقی اور خوشحالی کا سب سے مضبوط ستون امن ہوتا ہے۔
تاریخ سے یہ ثابت ہے کہ جن قوموں نے اپنی معاشرتی زندگی میں برداشت رواداری اور باہمی احترام وتعاون کو فروغ دیا اور انھیں اپنا شعار بنایا وہی قومیں علم ؟ معیشت اور تہزیب کے میدان میں آگے بڑھیں جبکہ انتشار نفرت اور عدم برداشت نے ہمیشہ قوموں کو کمزور کیا۔
آج جب دنیا مختلف سماجی، فکری اور معاشی چیلنجز سے گزر رہی ہے تو ہمیں سب سے بڑھ کر اپنے اندر اور اپنے معاشرے میں امن کے پیغام کو عام کرنے کی ضرورت ہے
امن محض ہتھیاروں کے خاموش ہوجانے اور سرحدوں پر سکون کا نام نہیں ہے بلکہ یہ ایک مکمل ذہنیت، طرزعمل اور معاشرتی رویے کا نام ہے
حقیقی امن اس وقت معاشرے میں پائیدار شکل اختیار کرتا ہے جب انسان دوسرے انسان کو اس کی سوچ، عقیدے، ثقافت، روایات لسانیت، قومیت، صوبائیت کے ساتھ خندہ پیشانی سے قبول کرتا ہے۔
جب ایک ہی قوم اور ایک ہی پاکستانی کے طور پر ہم ایک دوسرے کو برداشت کرنے لگیں گے اور فکری احساس ہوگا تو پھر امن کی حقیقی روح شعوری بیداری کے ساتھ اپنی جگہ بنائے گی۔
جب گھروں، تعلیمی اداروں، دفاتر، سوشل میڈیا اور سیاسی پلیٹ فارمز پر مکالے کی جگہ طنز، غصہ اور شدت پسندی کے لیتی ہے تو معاشرتی انتشار پیدا ہوتا ہے جو ملک اور قوم کو ترقی کے سفر سے دور کردیتا ہے۔
ہماری قومی زمہ داری ہے کہ ایک پاکستانی کی حیثیت سے ہم امن کو محض نعروں اور بیانات میں نہ رکھیں بلکہ حقیقی امن کے پیغام کو عملی طور پر اپنی زندگیوں میں نافذ کریں۔
معاشرتی انتشار اور فساد قوم اور ملکوں کی ترقی و خوشحالی کو کھا جاتے ہیں۔
پوری قوم جانتی ہے کہ اس وقت خطے میں اور پاکستان میں جو حالات ہیں ان میں ہماری معیشت اور ہمارا امن داؤ پر لگا ہوا ہے۔
بیرونی اسپانسرڈ دہشت گردی اور پاکستان دشمن قوتوں کی طرف سے ان کی معاونت پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازشیں ہیں۔
امن کے لیے پاک افواج اور دیگر سیکورٹی اداروں کی قربانیاں اور شہادتیں قابل تحسین اور قابل تکریم ہیں جن پر اس قوم کو بجا طور پر فخر ہے
ملک کے امن سے ملکی معاشی نظام جڑا ہوا ہے معاشی استحکام تب آئے گا جب امن ہو گا۔
پاکستانی قوم امن دشمنوں اور دہشت گردوں کے خلاف اپنی افواج اور دیگر سیکورٹی اداروں کے شانہ بشانہ رہ کر امن کے پیغام کو عام کریں۔
امن سے ترقی بھی ہے اور خوشحالی بھی۔
اللہ تعالی پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین
☆☆☆☆

(01)
بازر مسافر بس سے ٹکرا گیا۔تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی۔حادثے میں ایل پی جی باؤزر کا ڈرائیور اور کلینر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ مسافر بس میں سوار 10 مسافر بھی جان کی بازی ہار گئے جن میں 7 مرد اور 3 بچے شامل ہیں۔بس میں سوار 9 مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔حادثے میں مجموعی طور پر 27 مسافر زخمی ہوئے جن میں 14 مرد، 9 خواتین اور 4 بچے شامل ہیں۔زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اور ماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 26 سالہ دانش اقبال ساکن تربت، 43 سالہ آصف ساکن کولواہ، 40 سالہ احسن ساکن تربت، 38 سالہ عبدالرشید، 20 سالہ عرفان ساکن حب چوکی، 8 سالہ نصیر، 14 سالہ فراز، 11 سالہ نائفہ، 40 سالہ جان بی بی، 35 سالہ نازل، 30 سالہ مراد، 34 سالہ شہزاد، 30 سالہ نبیل، گل جان نازل، 35 سالہ حامد، 18 سالہ ساگل، 25 سالہ عاصمہ، 18 سالہ ضمیر، بالاچ، 5 سالہ ثنا اللہ، 28 سالہ اسد اللہ، 19 سالہ رحیم اور 25 سالہ سلیم شامل ہیں۔افسوسناک حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 پسنی اور اورماڑہ کی ٹیموں سمیت پاک بحریہ کے ریسکیو دستوں اور فائر فائٹرز نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔پاک نیوی کے ہسپتال پی این ایس درمان جاہ کی انتظامیہ نے ہنگامی بنیادوں پر ایمبولینسز اور طبی عملہ جائے حادثہ پر روانہ کیا۔پاک بحریہ کے فائر فائٹرز، ریسکیو ٹیموں اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے مشترکہ طور پر پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا اور بروقت ریسکیو آپریشن مکمل کر کے متعدد قیمتی انسانی جانوں کو بچا لیا۔پی این ایس درمان جاہ اور پسنی ہسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف رہے۔

(02)
سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت باعث اعزاز ہے، پاس آؤٹ کیڈٹس اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ قائداعظم نے فرمایا تھا مضبوط فضائیہ کے بغیر کوئی ملک دشمن کا مقابلہ نہیں کرسکتا، پاک فضائیہ نے بیشمار مواقع پر کامیابیوں سے تاریخ رقم کی، فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مہارتوں کی دنیا معترف ہے۔سربراہ پاک بحریہ نے کہا کہ پاک فضائیہ کی تابناک تاریخ ہے جو اسے ورثے میں ملی ہے، قوم کا اعتماد افواج پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہے، پاکستان اور ترکیے کے درمیان دیرینہ دفاعی شراکت داری قائم ہے۔انہوں نے کہا کہ عصر حاضر کے پیچیدہ چیلنجز منفرد انداز میں نمٹنے کے متقاضی ہیں، جنگ کے طریقے تبدیل ہوچکے ہیں، موجودہ دور میں جنگیں لڑنے کے طریقوں میں جدت آگئی ہے، مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی نیروایتی جنگ کی جہتوں کو بدل دیا۔نیول چیف نے کہا کہ مسلح افواج جنگ کے نئے رجحانات اور تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں، پاک بحریہ نے بھی جدت میں نمایاں پیشرفت کی ہے، معرکہ حق میں پاک بحریہ نے دشمن کو جارحیت سے باز رکھا۔انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ کو مستقبل کی جنگوں کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے، پاکستان پر امن بقائے باہمی اور استحکام پر یقین رکھتا ہے۔

(03)
یورپی پارلیمنٹ برسلز میں شومان سیکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کا عالمی امن، سلامتی اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں متحرک کردار عالمی سطح پر پاکستان کی قربانیوں اور خدمات کی روشن مثال ہے۔خواجہ آصف کا کہنا تھا گزشتہ سات دہائیوں کے دوران 48 اقوام متحدہ امن مشنز میں 2 لاکھ 37 ہزار پاکستانی اہلکار خدمات انجام دے چکے ہیں، عالمی امن مشنز میں 183 پاکستانی اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔پاکستان کی خدمات اور قربانیاں اس کے فعال بین الاقوامی کردار کا ثبوت ہیں۔دنیا میں پائیدار امن کے قیام کے لئے مشترکہ حکمت عملی، باہمی تعاون اور اجتماعی ذمہ داری کا احساس ناگزیر ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ تنازعات کے علاقوں میں اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اچانک کی انسانی سلامتی کے خطرات مزید بڑھا سکتی ہے، امن مشنز کے مینڈیٹ حقیقت پسندانہ، مناسب وسائل سے بھرپور اور دیرپا سیاسی حل سے ہم آہنگ ہونے چاہئیں۔انہوں نے زور دیا کہ امن مشنز کے مینڈیٹ کی تشکیل میں فوجی اور پولیس دستے فراہم کرنے والے ممالک کو موثر نمائندگی دی جانی چاہیے، امن صرف جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ پائیدار استحکام کیلئے انسانی سلامتی کو ترجیح دینا ہوگی۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوری عالمی تنازعات کو مزید ہوا دے رہے ہیں، پاکستان بھی موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے براہ راست متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے لئے دیرینہ تنازعات کا بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ضروری ہے، جبکہ تنازعات سے متاثرہ علاقوں میں بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی اور موسمیاتی وترقیاتی وعدوں کی تکمیل بھی ناگزیر ہے۔موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں دنیا میں تنازعات کو مزید شدت دے رہی ہیں، جبکہ پاکستان بھی موسمیاتی تبدیلی کے شدید خطرات سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان ایک جامع اور موثر کثیر الجہتی عالمی نظام کے قیام کیلئے پل کا کردار ادا کرنے کو تیار ہے اور عالمی سطح پر وقار انسانیت، انصاف اور پائیدار امن کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

(04)
مزید کہا کہ پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات کا 90 فیصد سے زائد حصہ درآمد کرتا ہے، حکومت معاشی چیلنجز سے نمٹنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقدامات کررہی ہے۔دوسری جانب وزیراعظم کی زیرصدارت وزارت قومی غذائی تحفظ کی کارکردگی پر جائزہ اجلاس ہوا، شہباز شریف نیکہا کہ پی ایم او ایس کی شکل میں کارکردگی جانچنے کیوالے سے ایک انتہائی مؤثر نظام تشکیل پا چکا ہے، اس سسٹم کے تحت دیئے گئے اہداف اور ٹائم لائنز میں کسی قسم کی کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی۔مزید کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی، زرعی شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید تحقیق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے، حکومت زراعت کے شعبے میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ہرممکن سرپرستی اور بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی، لاگت میں کمی اور فی ایکڑ پیداوار میں خاطرخواہ اضافیکیلئے جدید زرعی مشینری کا استعمال ناگزیر ہے۔

(05)
اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور آسیان کے درمیان عوامی سطح پر تبادلوں کو فروغ دینے کے خواہاں ہیں، آسیان سیکرٹری جنرل کا دورہ شراکت داری آگے بڑھانے کے عزم کی عکاس ہے۔اسحاق ڈار نے کہا کہ آسیان سیکرٹری جنرل کا دورہ باہمی تعاون کونئی تقویت دے گا، پاکستان اور آسیان کے درمیان نئے شعبوں میں تعاون کی ضرورت ہے، تعاون کے فروغ کیلئے آج کے مذاکرات اہمیت کے حامل ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری جنرل آسیان کا کم ہورن نے کہا کہ پاکستان اور آسیان کے درمیان سیکٹرل ڈائیلاگ شراکت داری 1993 میں قائم ہوئی، پاکستان کے ساتھ دیرینہ شراکت داری کو اہمیت دیتے ہیں، مختلف شعبوں میں تعاون کیوسیع مواقع موجود ہیں۔سیکرٹری جنرل آسیان نے کہا کہ تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی میں تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے، عوامی روابط، ثقافتی تبادلوں اور نجی شعبے کی ترقی میں تعاون ناگزیر ہے۔

(06)
کرتا۔چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پارلیمان میں بحث کے ساتھ عوام کو بھی اپنے مستقبل کے بارے میں آئینی طریقے سے رائے دینے کا حق ملنا چاہیے۔ریفرنڈم آئین میں موجود ایک راستہ ہے، اسے غیر جمہوری قرار نہیں دیا جاسکتا۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر جمہوریت، پارلیمان کی بالادستی اور آئین پر یقین ہے تو عوام کی براہ راست رائے پر اعتراض کیوں کیا جارہا ہے؟۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی 18 برس سے سندھ میں اقتدار میں ہے اور 2022 سے وفاقی حکومت میں بھی شریک رہی ہے۔نظام کی اصلاح کی بات کرنے کے ساتھ پیپلز پارٹی کو اپنی حکمرانی، کارکردگی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کا جائزہ بھی لینا چاہیے۔طارق فضل چوہدری نے کہا کہ احتساب یکطرفہ نہیں ہوسکتا، ہر سیاسی جماعت اور اس کی قیادت عوام کے سامنے جوابدہ ہے۔حکمرانی کسی کی جاگیر نہیں بلکہ عوام کی امانت ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاست کا مقصد اقتدار کی رسہ کشی نہیں بلکہ عوام کی خوشحالی، عزت نفس کا تحفظ اور بہتر حکمرانی ہونا چاہیے۔اختیارات حقیقی معنوں میں نچلی سطح تک منتقل کر کے عوام کو عملی طور پر بااختیار بنانے کی ضرورت ہے۔وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ پارلیمان اور عوام کی رائے مضبوط جمہوریت کے دو بنیادی ستون ہیں۔قومی فیصلے بند کمروں میں نہیں بلکہ آئینی تقاضوں، پارلیمانی مکالمے اور عوامی اعتماد کی بنیاد پر ہونے چاہئیں۔انہوں نے زور دیا کہ عوام کو اپنی رائے دینے کا موقع فراہم کیا جائے اور ان کے فیصلوں کا احترام کیا جائے۔

(07)
کی تعریف کی اور مادر وطن کے دفاع کے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں کا مادر وطن کے دفاع کے لئے غیر متزلزل عزم قابل تحسین ہے، پاک فوج بلوچستان کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں امن، خوشحالی اور پائیدار ترقی کے لئے پاک فوج کا غیر متزلزل عزم برقرار ہے۔

(08)
بھی ختم کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔اسی طرح مولانا فضل الرحمن کے صاحبزادے مولانا اسعد محمود سے بھی ایف سی اور پولیس کی سیکیورٹی واپس لے لی گئی۔سیکیورٹی اہلکاروں کو 15 منٹ کے اندر اپنی ڈیوٹیاں چھوڑ کر واپس روانہ ہونے کی ہدایات جاری کی گئیں۔سیکیورٹی برانچ ڈیرہ اسماعیل خان کے مطابق گزشتہ رات گئے تک سیکیورٹی برانچ کی جانب سے پولیس اہلکاروں کی سیکیورٹی کلوز کر دی گئی تھی، جبکہ جمعرات کی صبح ڈسٹرکٹ پولیس نے بھی مولانا فضل الرحمن اور ان کے صاحبزادے کے ساتھ تعینات پولیس اہلکاروں کو واپس بلا کر سیکیورٹی ڈیوٹیاں ختم کردیں۔دریں اثنا جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان اسلم غوری کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کی ڈیرہ اسماعیل خان اور اسلام آباد میں واقع رہائش گاہوں سے سیکورٹی اہلکاروں کو ہٹانے کا حکم دیا گیا ہے۔اسلم غوری نے سیکورٹی واپس لینے کے فیصلے کو بدترین فسطائیت قرار دیتے ہوئے اسے ناقابل قبول قرار دیا ہے۔انہوں نے مولانا اسعد محمود کی سیکورٹی بھی اچانک ختم کیے جانے کا دعوی کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت واضح کرے کہ ایسا کس کے حکم پر کیا گیا۔جے یو آئی ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان اور مولانا اسعد محمود پر درجنوں خودکش حملے ہوچکے ہیں۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ ایک طرف تحریک لیٹر اور دوسری طرف سکیورٹی کی واپسی سے حکومت کیا پیغام دے رہی ہے؟ ترجمان نے کہا ہے کہ جے یو آئی سربراہ کو کسی قسم کے نقصان کی ذمہ داری وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی پر عائد کرتے ہوئے کہا کہ ان کی سلامتی کو کوئی نقصان پہنچا تو ذمہ داران کو جواب دہ ہونا پڑے گا۔ترجمان جے یو آئی نے کارکنوں کو تیار رہنے کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی تمام سیکورٹی واپس لے لی گئی ہے، ایک طرف تحریک لیٹر اور دوسری طرف سیکورٹی کی واپسی حکومت کیا پیغام دے رہی ہے، جیو آئی قیادت کو کوئی بھی نقصان پہنچا تو حکمران ذمہ دار ہوں گے۔اپنے بیان میں ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ قائد جمعیت کے پرسنل سیکرٹری مفتی ابرار اور ان کی پوری فیملی کے خلاف جھوٹی ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ترجمان جے یو آئی، رات گئے مفتی ابرار کی گرفتاری کی آڑ میں اسلام آباد میں جگہ جگہ چھاپے مارے گئے۔اسلم غوری نے کہا کہ حکمران بتائیں کہ جے یو آئی رہنماؤں اور کارکنوں کیخلاف کیوں کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے؟ حکمران جو بیج رہے ہیں کل ان کو کاٹنا ہوگا، کارکن الرٹ رہیں، قائد جمعیت کے تحفظ کے لئے کسی بھی وقت کال دی جاسکتی ہے۔

(09)
میر سرفراز بگٹی سے ریکوڈک مائننگ کمپنی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے بیچ کے شرکا نے ملاقات کی۔اس موقع پر کمپنی حکام نے وزیراعلی کو پروگرام کے اغراض و مقاصد، انتخابی عمل اور تربیتی مراحل سے متعلق بریفنگ دی۔حکام نے بتایا کہ ان 18 نوجوان انجینئرز کا انتخاب 2024 میں بلوچستان بھر سے موصول ہونے والی تین ہزار سے زائد درخواستوں میں سے میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا۔پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی سطح کی جدید تکنیکی مہارتیں اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جارہی ہے۔اس موقع پر وزیراعلی میر سرفراز بگٹی نے نوجوان انجینئرز کو بین الاقوامی تربیت کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے جدید مہارتوں، پیشہ ورانہ ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے۔نوجوان انجینئرز کی عالمی سطح پر کامیابی بلوچستان کے روشن مستقبل کی عکاس ہے۔انہوں نے کہا کہ مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کی مہارتوں سے آراستہ کرنا صوبے کی طویل المدتی معاشی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ریکوڈک منصوبے کی ترقی میں مقامی نوجوان انجینئرز اہم کردار ادا کریں گے، کیونکہ باصلاحیت نوجوان بلوچستان کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہیں۔وزیراعلی نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں غیر معمولی صلاحیتیں موجود ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مناسب مواقع اور جدید تربیت فراہم کی جائے۔بڑے ترقیاتی اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کے ثمرات میں مقامی نوجوانوں کی شمولیت خوش آئند ہے۔انہوں نے ریکوڈک مائننگ کمپنی اور بیرک کی جانب سے بلوچستان کے نوجوانوں کو بین الاقوامی تربیت کے مواقع فراہم کرنے کے اقدام کو قابل تحسین قرار دیا۔اس موقع پر ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کنٹری مینیجر ضرار جمالی نے کہا کہ ریکوڈک منصوبے کی پائیدار ترقی مقامی آبادی اور افرادی قوت کی ترقی سے وابستہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ پروگرام میں چاغی، کوئٹہ، گوادر، پنجگور، خضدار، لورالائی، نوشکی، موسی خیل، قلعہ سیف اللہ اور ژوب سے تعلق رکھنے والے نوجوان شامل ہیں۔

(10)
ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 2 روپے 88 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے بجلی کی قیمت میں اضافے کے لئے درخواست نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں جمع کرا دی ہے۔درخواست کے مطابق اکتوبر کے دوران بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کو 10 ارب 35 کروڑ یونٹ بجلی فروخت کی گئی۔نیپرا حکام کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافے سے متعلق درخواست پر 26 نومبر کو سماعت کی جائے گی جس میں سی پی پی اے کی جانب سے پیش کردہ اعداد وشمار اور موقف کا جائزہ لیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق درخواست کی منظوری کی صورت میں بجلی صارفین پر مجموعی طور پر 29 ارب 80 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے تاہم حتمی فیصلہ نیپرا کی جانب سے سماعت کے بعد جاری کیا جائے گا۔

(11)
کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو میتھین گیس اخراج کے موضوع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت مند ماحول کی فراہمی ہماری ترجیح ہے، متعدد ماحول دوست اقدامات پر عمل پیرا ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پلاسٹک کے استعمال کی روک تھام یقینی بنائی جارہی ہے، میتھین کے اخراج پر قابو پانا موسمیاتی تبدیلی سےنمٹنے کیلئے ناگزیر ہے، صحت مند فضا کی دستیابی ہرشہری کا حق ہے۔مصدق ملک نے کہا کہ فضلے کی ری سائیکلنگ کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

(12)
ہیں، جبکہ مختلف مقامات پر پولیس گشت، ناکہ بندی اور اسنیپ چیکنگ کا سلسلہ تیز کر دیا گیا ہے۔ایس پی قلعہ عبداللہ خلیل احمد بگٹی کی نگرانی میں پولیس افسران اور جوان قومی شاہراہ کے حساس مقامات پر رات کے وقت مسلسل گشت اور چیکنگ کر رہے ہیں۔اس دوران مشکوک گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور افراد کی کڑی نگرانی کے ساتھ گاڑیوں کی تلاشی، دستاویزات اور ضروری کوائف کی جانچ پڑتال بھی کی جا رہی ہے۔پولیس حکام کے مطابق ان اقدامات کا مقصد جرائم پیشہ اور مشکوک عناصر کی نقل و حرکت کی مؤثر نگرانی، کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی پیشگی روک تھام، امن و امان کا قیام اور مسافروں سمیت شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔اس موقع پر ایس پی قلعہ عبداللہ خلیل احمد بگٹی نے واضح کیا کہ ضلع میں امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔قومی شاہراہ سمیت ضلع کے تمام اہم اور حساس مقامات پر سیکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنائے جائیں گے، جبکہ قانون کی خلاف ورزی اور مشکوک سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ڈسٹرکٹ پولیس قلعہ عبداللہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ دوران سفر پولیس کے ساتھ تعاون کریں، اپنی شناختی دستاویزات ہمراہ رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کی اطلاع فوری طور پر قریبی پولیس اہلکار یا متعلقہ تھانے کو دیں۔ڈسٹرکٹ پولیس قلعہ عبداللہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پرامن ماحول کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے انجام دے رہی ہے۔

(13)
آگاہ کیا۔ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے خواتین وفد کے مسائل غور سے سنے اور متعلقہ حکام، بالخصوص کیسکو اور محکمہ پبلک ہیلتھ کے ذمہ داران کو محلہ شیشہ ڈغار اور محلہ خیل میں بجلی اور پانی کے مسائل فوری طور پر حل کرنے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔

(14)
کی برآمد میں اضافہ، ملک میں زرمبادلہ کی آمد اور نوجوانوں کے لیے روزگار و معاشی مواقع پیدا کرنے میں مدد مل رہی ہے۔بدھ کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فری لانسرز کی برآمدی آمدن اکتوبر 2026 میں تاریخ کی بلند ترین ماہانہ سطح 21 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی جو گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلے میں 53 فیصد زیادہ ہے۔رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران فری لانسرز کی مجموعی برآمدی آمدن 76 کروڑ ڈالر ریکارڈ کی گئی جس میں سالانہ بنیاد پر 47 فیصد اضافہ ہوا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران پاکستانی فری لانسرز نے 51 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی برآمدی آمدن حاصل کی تھی جو رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ میں بڑھ کر 76 کروڑ ڈالر ہوگئی۔مالی سال 2025-26 کے دوران پاکستانی فری لانسرز کی سالانہ برآمدی آمدن ایک ارب 76 کروڑ ڈالر کی تاریخی سطح تک پہنچ گئی تھی۔موجودہ رفتار برقرار رہنے کی صورت میں مالی سال 2026-27 کے دوران فری لانسرز کی سالانہ برآمدی آمدن 2 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے جس سے اس شعبے میں ایک اور ریکارڈ قائم ہوسکتا ہے۔

(15)
طلاع موصول ہوتے ہی ڈپٹی کمشنر شیرانی فوری طور پر جائے وقوعہ پہنچے، جہاں انہوں نے بچوں کی لاشوں کو دشوار گزار پہاڑی علاقے سے بحفاظت نیچے منتقل کرنے کے لیے ایمبولینسز بھی موقع پر پہنچائیں۔اس موقع پر علاقے کے مقامی افراد بھی موجود تھے، جنہوں نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے لاشوں کو پہاڑی مقام سے نیچے منتقل کرنے میں مدد فراہم کی واقعے کے بعد بعض نوجوانوں کی جانب سے نیشنل ہائی وے پر احتجاج کیا گیا، جس پر ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے علاقے کے معتبرین سے مذاکرات کیے۔کامیاب مذاکرات اور انتظامیہ کی کوششوں کے نتیجے میں احتجاج ختم کروادیا گیا اور دونوں بچوں کی لاشوں کو ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے سول ہسپتال ژوب کے ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا بعد ازاں سول ہسپتال ژوب میں ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم مکمل ہونے کے بعد دونوں کم سن بچوں کی لاشیں تدفین اور دیگر ضروری مراحل کے لیے ورثاء کے حوالے کر دی گئیں ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے اس افسوسناک واقعے کے تناظر میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے فوری اقدامات کو یقینی بنایا اور موقع پر موجود رہ کر امدادی سرگرمیوں، عوامی رابطے اور انتظامی امور کی نگرانی کی۔

(16)
کہ اسے سندھ میں تقسیم نہیں چاہیے، ایسے میں بلاول بھٹو نے سندھ کے عوام کے اس فیصلے کے برعکس اقدام کے نتائج پر بات کی ہے۔شازیہ مری نے موجودہ ملکی صورت حال واضح کرتے ہوئے کہا کہ سسٹم کو لپیٹ اور نئے صوبوں کی بات ہم نے نہیں کی ہے، یہ باتیں انہوں نے کی اور ہم نے تو صرف اس پر رائے دی، کیوں کہ صوبوں سے متعلق آئین میں طریقہ کار وضع ہے، یہی بات بلاول بھٹو نے کی۔شازیہ مری نے کہا بلاول بھٹو نے سندھ اسمبلی کی قرارداد سے متعلق بات کی، اسمبلی نے متعدد بار اپنی رائے کا اظہار کیا اور کہا تقسیم نہیں چاہیے، کیا ہمیں اب اپنی رائے دینے کا بھی حق نہیں دیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا بلاول بھٹو نے کہا کہ سندھ کے عوام کے فیصلے پر فیصلہ مسلط کیا گیا تو پھر ردعمل تو آئے گا، بلاول نے کہا کہ سندھ اسمبلی کے فیصلے کو تسلیم کرنا چاہیے، جہاں اپوزیشن نے بھی کہا کہ صوبے کی تقسیم نہیں چاہتے، بلاول نے اپنی رائے دی تو یہ ہمارا جرم تو نہیں ہو سکتا۔شازیہ مری کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو نے کہا ملک میں غیر جمہوری لوگوں نے ریفرنڈم کو استعمال کیا، ریفرنڈم کوئی جمہوری آپشن نہیں ہے، پارلیمان اور جمہوری نظام کے ہوتے ہوئے ریفرنڈم کرنا کیا مناسب ہے، آپ ریفرنڈم کا بین بجاتے رہیں لیکن آرٹیکل 239(4) کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، ملک میں آمروں نے ہمیشہ ریفرنڈم کو استعمال کیا لیکن یہ جمہوری آپشن نہیں ہے۔

(17)
میں 4 سال کی مدت کیلئے کی گئی ہے۔تقرری کی 4 سالہ مدت کا اطلاق چارج سنبھالنے کی تاریخ سے ہوگا۔

(18)
دی گئی ہیں۔ان کی تقرری کو ریلوے پولیس کے انتظامی امور کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے انعام الحق پٹھان اپنی نئی ذمہ داریوں کے دوران ریلوے پولیس سکھر ڈویژن کے انتظامی معاملات، امن وامان کی صورتحال، مسافروں کے تحفظ اور ریلوے تنصیبات کی حفاظت سمیت دیگر محکمانہ امور کی نگرانی کریں گے۔مختلف حلقوں کی جانب سے انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا ہے اور امید ظاہر کی گئی ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے فرائض احسن طریقے سے انجام دیں گے۔

(19)
تاہم ان کا چھٹا منافع 12.8 فیصد کی شرح پر برقرار رکھا گیا ہے۔اعلامیے کے مطابق ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کا منافع 12.12 فیصد پر برقرار ہے۔اسی طرح بہبود سیونگز سرٹیفکیٹس، پنشنرز اور شہدا فیملی اکاؤنٹس کا منافع بھی 12.96 فیصد کی سابقہ شرح پر برقرار رکھا گیا ہے۔اس کے علاوہ ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع کی شرح میں بھی کوئی تبدیلی نہیں کی گئی اور وہ بدستور برقرار ہیں۔دوسری جانب شارٹ ٹرم سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع میں اضافہ کیا گیا ہے، جس کے تحت 3 ماہ کے شارٹ ٹرم سرٹیفکیٹس کی شرح 11.56 فیصد، 6 ماہ کے شارٹ ٹرم سرٹیفکیٹس کی شرح 11.90 فیصد اور ایک سال کے شارٹ ٹرم سرٹیفکیٹس کی شرح بڑھ کر 12.14 فیصد ہوگئی ہے۔اسی طرح عام سیونگ اکاؤنٹ کی منافع کی شرح 10.50 فیصد مقرر کی گئی ہے۔اسلامی طرز بینکاری پر مبنی اسکیموں کے حوالے سے ڈائریکٹوریٹ نے بتایا ہے کہ سروا اسلامی ٹرم اکاؤنٹ کے ایک سالہ پلان کی شرح 12.04 فیصد اور سروا اسلامی ٹرم سرٹیفکیٹ کے 3 سالہ پلان کی شرح 11.98 فیصد کر دی گئی ہے۔اس کے علاوہ سروا اسلامی ٹرم سرٹیفکیٹ کا 5 سالہ پلان 12.12 فیصد پر برقرار ہے جبکہ سروا اسلامی سیونگ اکاؤنٹ کی متوقع شرح منافع 12.04 فیصد ہوگئی ہے۔

(20)
عدم دستیابی اور بائیو میٹرک مشینوں کی بار بار خرابی کے مسائل بھی سامنے آئے ہیں۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سبی نے متعلقہ ریٹیلر کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ مشینری اور دیگر تکنیکی مسائل کو فوری طور پر حل کر کے ادائیگی کے عمل کو شفاف، آسان اور بلا تعطل بنایا جائے۔انہوں نے واضح انتباہ دیا کہ مستحقین کی امدادی رقوم کی تقسیم میں غفلت یا تاخیر برتنے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(21)
سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈین سائنس، انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ڈاکٹر محب اللہ، مختلف تدریسی شعبہ جات کے چیئر پرسن سمیت متعلقہ انتظامی افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں اسپرنگ 2027 کے داخلوں کے سلسلے میں انٹری ٹیسٹ کے انعقاد کی تیاریوں اور طریقہ کار پر تفصیلی غور کیا گیا۔شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ امتحانات کا شیڈول دسمبر 2026 کے آخری ہفتے میں رکھا جائے گا۔اس کے علاوہ طلبہ کی فیسوں کی بروقت ادائیگی، اسکالرشپ چیکس کی شفاف اور منظم تقسیم کے طریقہ کار اور جامعہ کے اکیڈمک کیلنڈر اور اس کے شیڈول کا بھی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں تعلیمی وانتظامی سرگرمیوں کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے، امتحانی اور داخلہ امور میں مؤثر رابطہ کاری اور طلبہ کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔شرکائے اس امر پر اتفاق کیا کہ تعلیمی کیلنڈر پر مؤثر عمل درآمد اور تمام متعلقہ امور کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا۔اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے متعلقہ افسران اور شعبہ جات کو ہدایت کی کہ داخلہ ٹیسٹ، امتحانات، فیسوں کی وصولی اور اسکالرشپس کی تقسیم کے تمام مراحل شفافیت، نظم وضبط اور مقررہ ضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ مؤثر تعلیمی منصوبہ بندی، بروقت فیصلے اور ادارہ جاتی تعاون طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کرنے اور جامعہ کی مجموعی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

(22)
ملٹی وٹامنز اور فوڈ سپلیمنٹس کی رجسٹریشن اور لائسنسنگ لازمی قرار دے دیا گیا، متبادل ادویات کے مینوفیکچرنگ لائسنس کیلئے 6 ماہ کی مہلت مقرر کی گئی، متبادل ادویات کی رجسٹریشن کیلئے 18 ماہ کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی۔ہومیو پیتھک سمیت تمام روایتی ادویات کی تیاری، فروخت کیلئے قوانین پر عملدرآمد لازم قرار دیا گیا، پاکستان میں 600 مینوفیکچرنگ یونٹس متبادل ادویات تیار کررہے ہیں، ملک میں ایک ہزار امپورٹرز متبادل ادویات درآمد کررہے ہیں۔

(23)
پیا مرکز کا کہنا ہے کہ زلزلے کی گہرائی 216 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا۔زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔تاہم کسی جانی ومالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

(24)
کے مشیر کی سربراہی میں ایک قطری وفد عمان میں موجود ہے۔ایران کے سرکاری خبر رساں ادارے ارنا نے ملاقات کی تفصیلات بیان کئے بغیر کہا کہ فریقین نے خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لئے قطر کے کردار کو جاری رکھنے پر زور دیا۔عباس عراقچی اس سے قبل عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی سے بھی ملاقات کر چکے ہیں۔

(25)
معاشی اور ماحولیاتی مشکلات کا سامنا ہے، تاہم تمر کے جنگلات کی بحالی کے اقدامات سے اس خطے کے تحفظ کی امید بھی پیدا ہوئی ہے۔سندھ کی ساحلی پٹی ماضی میں زرخیز زمینوں، نایاب پرندوں اور آبی حیات کے لئے اہم مقام رکھتی تھی، لیکن ماحولیاتی تبدیلیوں اور دریائے سندھ کے میٹھے پانی کا بہاؤ کم ہونے کے باعث سمندری پانی تیزی سے خشکی کی جانب بڑھ رہا ہے۔فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے اعداد وشمار کے مطابق 1980 اور 1990 کی دہائی سے اب تک انڈس ڈیلٹا کا بڑا حصہ سمندر برد ہوچکا ہے، جس کے نتیجے میں لاکھوں افراد کو اپنے گھر بار چھوڑنا پڑے ہیں۔مقامی ماہی گیروں اور متاثرہ خاندانوں کا کہنا ہے کہ زمین کی زرخیزی ختم ہونے اور ماہی گیری کے مواقع محدود ہونے کے باعث ان کیلئے آبائی علاقوں میں رہنا مشکل ہوگیا ہے۔انڈس ڈیلٹا کے تحفظ اور ساحلی کٹا کی روک تھام کے لئے تمر، یعنی مینگروز کے جنگلات کی بحالی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔یہ جنگلات ساحلی ماحولیاتی نظام کو برقرار رکھنے اور سمندری طوفانوں کے اثرات کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔محکمہ جنگلات سندھ کے مطابق گزشتہ 15 برسوں کے دوران ساحلی علاقوں میں 3 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر مینگروز کے جنگلات بحال کئے جا چکے ہیں۔کوسٹل فاریسٹ ڈویژن کراچی کے ڈویژنل فاریسٹ آفیسر شہزاد صادق اور محکمہ جنگلات کے دیگر حکام کی نگرانی میں جاری ان منصوبوں کا مقصد سمندری طوفانوں اور ساحلی کٹا کے خلاف قدرتی حفاظتی حصار کو مضبوط بنانا ہے۔ماحولیاتی ماہرین کے مطابق انڈس ڈیلٹا کے طویل مدتی تحفظ اور مقامی آبادی کی مزید نقل مکانی روکنے کے لئے صرف مینگروز کے جنگلات کی بحالی کافی نہیں، بلکہ دریائے سندھ کا میٹھا پانی سمندر تک پہنچانا بھی ضروری ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ ساحلی کٹاؤ روکنے کے لئے مربوط اقدامات اور دریائے سندھ کے پانی کا مطلوبہ بہاؤ یقینی بنا کر ہی اس قدرتی خطے اور اس سے وابستہ لاکھوں افراد کے روزگار کو محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔

(26)
، پیاز کی بھی اونچی اُڑان کے علاوہ روٹی 40 روپے فی حد فروخت ہونے لگی۔گورنمنٹ غریب عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام شہریوں کا کہنا ہے کہ جب حکومت پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرتی ہے کئی گنا قیمتوں میں اضافہ کردیا جاتا ہے مگر جب حکومت پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں واضح کمی کرتی ہے تو قیمتیں کم ہونے کا نام نہیں لیا جاتا سبزیوں پھلوں، گوشت اور دیگر اشیاء ضروریات زندگی کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ دیکھا گیا ہے۔دوکانداروں کا کہنا ہے کہ یہ مہنگائی ہم نے نہیں کی بلکہ منڈیوں میں بیٹھا مافیا ہے جو ہمیں مہنگا مال سیل کرتے ہیں اور ہمیں مجبوراً مہنگا سیل کرنا پڑتا ہے۔حکومت کا کام ہے کہ مہنگائی جو اس وقت سب سے بڑا مسئلہ ہے اس کو کنٹرول کرنے کے لیے ایسے اقدامات کئے جائیں جس سے ہر عام آدمی کو ریلیف ملے۔عوامی سماجی سیاسی حلقوں نے کمشنر سیوی ڈویژن و ڈپٹی کمشنر سبی سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ریٹ پر اشیاء کی خرید وفروخت کو یقینی بنا کر عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے میں اپنا رول پلے کریں۔

(27)
کو ہدایت کی کہ ملک بھر کی مارکیٹوں میں چینی کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لئے ضروری اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق حکومت عوام کو سہولت فراہم کرنے اور صارفین کو مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے تمام ممکنہ اقدامات کرنے کے عزم پر قائم ہے۔نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ حکومت کی کوششوں میں عام صارفین کو ریلیف دینے کے ساتھ کسانوں کے مفادات کا تحفظ بھی شامل ہے، اس لئے متعلقہ ادارے دونوں پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔اجلاس میں وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، معاون خصوصی وزیراعظم طارق باجوہ، سیکریٹریز تجارت، قومی غذائی تحفظ و تحقیق اور قانون و انصاف سمیت متعلقہ وزارتوں اور محکموں کے اعلی حکام نے شرکت کی۔

(28)
کورس قائم کی جارہی ہیں، جبکہ بچوں اور خواتین کے استحصال میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لئے نیا ایکٹ بھی لایا جائے گا۔مریم نواز شریف نے بچوں کے جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی روک تھام اور بحالی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بچوں کے حقوق کا تحفظ ایک محفوظ اور مہذب معاشرے کی تشکیل کی جانب اہم قدم ہے۔بچوں کی حفاظت، عزت اور بہتر مستقبل کے لئے موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

(29)
افراد نے ایک پولیس اہلکار پر تشدد کیا جس کے نتیجے میں اہلکار جاں بحق ہوگیا۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے جن کی تلاش جاری ہے جب کہ اہلکار کی لاش کو قریبی اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

(30)
تین ملزمان شفیع اللہ، بلال اور بسم اللہ کو گرفتار کرلیا، جن کی نشاندہی پر پولیس نے مختلف مقامات سے 7 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں۔دریں اثنا، ایئرپورٹ پولیس نے ایک اور علیحدہ کارروائی کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزم محمد حسین کو بھی گرفتار کر کے اس کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرلیا ہے۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ شہر میں امن وامان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے اس طرح کی بلا امتیاز کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھی جائیں گی۔

(31)
پولیو مہم کے دوران ٹیموں کی کارکردگی، درپیش مسائل، کم کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی یونین کونسلز (UCsPerformanceLow)، فنگر مارکنگ اور بچوں کی عدم دستیابی سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر کم کارکردگی کی وجوہات کا تعین کرتے ہوئے آئندہ پولیو مہم کو مزید مؤثر اور کامیاب بنانے کے لیے جامع حکمتِ عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے، جس کے خاتمے کے لیے جدوجہد کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو مہم کو کامیاب بنانا ناگزیر ہے۔اس مقصد کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور عالمی ادارہ صحت (WHO) باہمی تعاون اور مشترکہ کوششیں جاری۔

(32)
کے جسٹس طارق محمود نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی، بانی پی ٹی آئی کے وکیل نے تیاری کے لیے مہلت کی استدعا کی تو عدالت نے مہلت دیتے ہوئے سماعت تین ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔بانی پی ٹی آئی نے 5 نومبر 2022 کو درخواست دائر کی تھی جس میں فارن فنڈنگ سے متعلق ایف آئی اے کی انکوائری کو چیلنج کیا گیا ہے۔ہائیکورٹ ایف آئی اے کو انکوائری سے تاحکم ثانی روک چکی ہے، درخواست میں وفاقی حکومت، ڈی جی ایف آئی اے سمیت دیگر فریق ہیں۔

(33)
تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔صوبے کے مختلف شہروں میں کم سے کم درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا ہے جس کے مطابق کوئٹہ اور زیارت میں کم سے کم درجہ حرارت 1، قلات میں 3، اور ژوب میں 9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق چمن میں درجہ حرارت 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا، جبکہ نوکنڈی میں 13، سبی میں 11 اور تربت میں 17 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔اس کے علاوہ صوبے کے ساحلی علاقوں گوادر میں کم سے کم درجہ حرارت 16 اور جیوانی میں 17 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

(34)
بازر مسافر بس سے ٹکرا گیا۔تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں گاڑیوں میں فوری طور پر آگ لگ گئی۔حادثے میں ایل پی جی باؤزر کا ڈرائیور اور کلینر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ مسافر بس میں سوار 10 مسافر بھی جان کی بازی ہار گئے جن میں 7 مرد اور 3 بچے شامل ہیں۔بس میں سوار 9 مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔حادثے میں مجموعی طور پر 27 مسافر زخمی ہوئے جن میں 14 مرد، 9 خواتین اور 4 بچے شامل ہیں۔زخمیوں میں سے 20 افراد جن میں 15 مرد، 4 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں کو پی این ایس درمان جاہ ہسپتال اور ماڑہ جبکہ 7 زخمیوں جن میں 3 مرد، 2 خواتین اور 2 بچے شامل ہیں کو پسنی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 26 سالہ دانش اقبال ساکن تربت، 43 سالہ آصف ساکن کولواہ، 40 سالہ احسن ساکن تربت، 38 سالہ عبدالرشید، 20 سالہ عرفان ساکن حب چوکی، 8 سالہ نصیر، 14 سالہ فراز، 11 سالہ نائفہ، 40 سالہ جان بی بی، 35 سالہ نازل، 30 سالہ مراد، 34 سالہ شہزاد، 30 سالہ نبیل، گل جان نازل، 35 سالہ حامد، 18 سالہ ساگل، 25 سالہ عاصمہ، 18 سالہ ضمیر، بالاچ، 5 سالہ ثنا اللہ، 28 سالہ اسد اللہ، 19 سالہ رحیم اور 25 سالہ سلیم شامل ہیں۔افسوسناک حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 پسنی اور اورماڑہ کی ٹیموں سمیت پاک بحریہ کے ریسکیو دستوں اور فائر فائٹرز نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔پاک نیوی کے ہسپتال پی این ایس درمان جاہ کی انتظامیہ نے ہنگامی بنیادوں پر ایمبولینسز اور طبی عملہ جائے حادثہ پر روانہ کیا۔پاک بحریہ کے فائر فائٹرز، ریسکیو ٹیموں اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے مشترکہ طور پر پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا اور بروقت ریسکیو آپریشن مکمل کر کے متعدد قیمتی انسانی جانوں کو بچا لیا۔پی این ایس درمان جاہ اور پسنی ہسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے میں مصروف رہے۔

(35)
سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت باعث اعزاز ہے، پاس آؤٹ کیڈٹس اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ قائداعظم نے فرمایا تھا مضبوط فضائیہ کے بغیر کوئی ملک دشمن کا مقابلہ نہیں کرسکتا، پاک فضائیہ نے بیشمار مواقع پر کامیابیوں سے تاریخ رقم کی، فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مہارتوں کی دنیا معترف ہے۔سربراہ پاک بحریہ نے کہا کہ پاک فضائیہ کی تابناک تاریخ ہے جو اسے ورثے میں ملی ہے، قوم کا اعتماد افواج پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہے، پاکستان اور ترکیے کے درمیان دیرینہ دفاعی شراکت داری قائم ہے۔انہوں نے کہا کہ عصر حاضر کے پیچیدہ چیلنجز منفرد انداز میں نمٹنے کے متقاضی ہیں، جنگ کے طریقے تبدیل ہوچکے ہیں، موجودہ دور میں جنگیں لڑنے کے طریقوں میں جدت آگئی ہے، مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی نیروایتی جنگ کی جہتوں کو بدل دیا۔نیول چیف نے کہا کہ مسلح افواج جنگ کے نئے رجحانات اور تقاضوں سے بخوبی آگاہ اور نمٹنے کیلئے تیار ہیں، پاک بحریہ نے بھی جدت میں نمایاں پیشرفت کی ہے، معرکہ حق میں پاک بحریہ نے دشمن کو جارحیت سے باز رکھا۔انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ کو مستقبل کی جنگوں کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے، پاکستان پر امن بقائے باہمی اور استحکام پر یقین رکھتا ہے۔

(36)
یورپی پارلیمنٹ برسلز میں شومان سیکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کا عالمی امن، سلامتی اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں متحرک کردار عالمی سطح پر پاکستان کی قربانیوں اور خدمات کی روشن مثال ہے۔خواجہ آصف کا کہنا تھا گزشتہ سات دہائیوں کے دوران 48 اقوام متحدہ امن مشنز میں 2 لاکھ 37 ہزار پاکستانی اہلکار خدمات انجام دے چکے ہیں، عالمی امن مشنز میں 183 پاکستانی اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔پاکستان کی خدمات اور قربانیاں اس کے فعال بین الاقوامی کردار کا ثبوت ہیں۔دنیا میں پائیدار امن کے قیام کے لئے مشترکہ حکمت عملی، باہمی تعاون اور اجتماعی ذمہ داری کا احساس ناگزیر ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ تنازعات کے علاقوں میں اقوام متحدہ کے امن مشنز میں اچانک کی انسانی سلامتی کے خطرات مزید بڑھا سکتی ہے، امن مشنز کے مینڈیٹ حقیقت پسندانہ، مناسب وسائل سے بھرپور اور دیرپا سیاسی حل سے ہم آہنگ ہونے چاہئیں۔انہوں نے زور دیا کہ امن مشنز کے مینڈیٹ کی تشکیل میں فوجی اور پولیس دستے فراہم کرنے والے ممالک کو موثر نمائندگی دی جانی چاہیے، امن صرف جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ پائیدار استحکام کیلئے انسانی سلامتی کو ترجیح دینا ہوگی۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوری عالمی تنازعات کو مزید ہوا دے رہے ہیں، پاکستان بھی موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے براہ راست متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے لئے دیرینہ تنازعات کا بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ضروری ہے، جبکہ تنازعات سے متاثرہ علاقوں میں بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی اور موسمیاتی وترقیاتی وعدوں کی تکمیل بھی ناگزیر ہے۔موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں دنیا میں تنازعات کو مزید شدت دے رہی ہیں، جبکہ پاکستان بھی موسمیاتی تبدیلی کے شدید خطرات سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان ایک جامع اور موثر کثیر الجہتی عالمی نظام کے قیام کیلئے پل کا کردار ادا کرنے کو تیار ہے اور عالمی سطح پر وقار انسانیت، انصاف اور پائیدار امن کے فروغ کے لئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

(37)
مزید کہا کہ پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات کا 90 فیصد سے زائد حصہ درآمد کرتا ہے، حکومت معاشی چیلنجز سے نمٹنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اقدامات کررہی ہے۔دوسری جانب وزیراعظم کی زیرصدارت وزارت قومی غذائی تحفظ کی کارکردگی پر جائزہ اجلاس ہوا، شہباز شریف نیکہا کہ پی ایم او ایس کی شکل میں کارکردگی جانچنے کیوالے سے ایک انتہائی مؤثر نظام تشکیل پا چکا ہے، اس سسٹم کے تحت دیئے گئے اہداف اور ٹائم لائنز میں کسی قسم کی کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی۔مزید کہا کہ ملکی معیشت کی مضبوطی، زرعی شعبے کی پائیدار ترقی میں جدید تحقیق کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے، حکومت زراعت کے شعبے میں تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ہرممکن سرپرستی اور بھرپور مالی معاونت فراہم کرے گی،

(01)

صوبے بھی انتظامی اکائیاں ہیں، تاہم اب صوبے ریاست کا درجہ اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ جو بات پہلے شہری سندھ میں ہوتی تھی، آج وہ پورا پاکستان کر رہا ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ جب پاکستان میں صوبوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو خونریزی کی بات کیوں ہوتی ہے؟ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، آزادی دلانے والے لوگ کسی کے غلام نہیں ہیں، اس لیے مخالفین کو سنبھل کر بات کرنی چاہیے۔ سندھ کے شہری علاقوں اور انتظامی امور سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ کراچی کے ڈسٹرکٹس میں آبادی کے لحاظ سے اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کے سامنے سوال رکھا کہ آخر کراچی کے اضلاع میں کون اضافہ کرتا رہا ہے۔ انہوں نے موقف اختیار کیا کہ سندھ کے شہری علاقے کسی کے ہاری یا غلام نہیں ہیں، نہ ہی وہ کسی کی جاگیر ہیں اور نہ ہی انہیں کسی کی جاگیر بننے دیا جائے گا۔ خالد مقبول صدیقی نے واضح کیا کہ ایم کیو ایم نے مہاجر صوبے کی نہیں بلکہ کراچی صوبے کی بات کی ہے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ جمہوریت اور جاگیردارانہ جمہوریت کے درمیان صدیوں کا فاصلہ ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا پاکستان کا مقدر جاگیردارانہ جمہوریت اور موروثی سیاست ہی ہوگا؟ اور کیا چند سو خاندان ملک کی نمائندگی کریں گے؟ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کو ایک لسانی جماعت بھی قرار دیا۔ خالد مقبول صدیقی نے مزید کہا کہ اگر پاکستان میں نئے صوبوں کا مطالبہ کیا جا رہا ہے تو اس پر خونریزی کیوں ہوگی، کیا بلاول بھٹو کے اس بیان کا کوئی نوٹس لے گا؟ خالد مقبول صدیقی نے بلاول بھٹو زرداری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے پورے ملک میں بننے ہیں تو خونریزی صرف سندھ میں کیوں ہوگی، اور یہ بھی واضح کیا جائے کہ شہری علاقوں میں خونریزی کیوں ہوگی اور کون کرے گا؟ ان کا کہنا تھا کہ یہ بیان پورے پاکستان کو دھمکی کے مترادف ہے اور اس معاملے پر عدالتوں کا ازخود نوٹس لینا بنتا ہے۔ انہوں نے بلاول بھٹو زرداری پر تنقید کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ وہ خواہ مخواہ بھٹو ہیں، اور مطالبہ کیا کہ ان کے ان سوالات کے جوابات ضرور دیا جائے۔ معاشی اور آبادی سے متعلق اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے ایم کیو ایم رہنما نے دعویٰ کیا کہ سندھ کے کل ریونیو کا 97 فیصد حصہ شہری سندھ سے آتا ہے اور صوبے کی 65 فیصد آبادی شہری علاقوں میں آباد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو طبقہ کما کر دیتا ہے اسی کو وسائل خرچ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ کے 26 میونسپل اداروں میں سے زیادہ تر ہندوؤں کے پاس تھے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سندھ کے عوام کی اکثریت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں ہے اور اس حوالے سے اٹھائے گئے سوالات کے جوابات سامنے آنے چاہئیں۔

(02)

ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات اور اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کا اعلیٰ سطح کا وفد جلد مالدیپ کا دورہ کرے گا۔

(03)

کر لیا گیا ہے۔ اس منصوبے پر 49 لاکھ 91 ہزار روپے لاگت آئی ہے جسے محکمہ مواصلات و تعمیرات فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ، حکومت بلوچستان کی زیر نگرانی مکمل ہونے والے اس منصوبے کا مقصد ماہی گیروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا اور ان کے لیے مناسب سہولت گاہ کی فراہمی ہے۔ یہ منصوبہ گوادر میں ماہی گیروں کی سہولیات میں بہتری اور مقامی ترقیاتی ضروریات کی تکمیل کی جانب ایک پیش رفت ہے۔

(04)

و خالق آباد اور دونوں تحصیلوں کے پٹواریوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، ریونیو ریکارڈ کی درستگی، درخواست گزاروں کو درپیش مسائل کے حل، سرکاری امور کی بروقت انجام دہی اور دیگر متعلقہ معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان ایک اہم رابطہ کا ذریعہ ہے۔ ریونیو ریکارڈ کی درستگی، شفافیت اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ تمام ریونیو افسران اور اہلکار اپنی ذمہ داریاں ایمانداری، محنت اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ انجام دیں اور سائلین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے عمل کو مؤثر اور شفاف بنایا جائے جبکہ ریونیو ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور درستگی کو یقینی بنایا جائے۔ اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

(05)

زیر اہتمام اہم کانفرنس "پالیسی سے بجٹ تک: بچوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے حکومتی تجربات" میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے ہیں۔ کانفرنس کا مقصد بچوں کی فلاح و بہبود، تحفظ، تعلیم اور سماجی ترقی کے لیے حکومتی پالیسیوں کو مؤثر بجٹ اور عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے حوالے سے علاقائی تجربات اور حکمت عملیوں کا تبادلہ کرنا ہے۔ بنکاک آمد پر تھائی لینڈ میں پاکستان کے سفیر محترمہ سعدیہ الطاف قاضی، سینیٹ کی چلڈرن کی ریجنل ہیڈ مسٹر ارشد ملک اور کنٹری ہیڈ مسٹر خرم گوندل نے چیئرمین سینیٹ کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر پاکستان اور تھائی لینڈ کے دوستانہ تعلقات اور سیو دی چلڈرن کے تعاون کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا۔ وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ بھی چیئرمین سینیٹ کے ہمراہ اسی وفد کے ساتھ بنکاک پہنچے۔ دورے کے دوران چیئرمین سینیٹ کی سیو دی چلڈرن کے اعلیٰ حکام، علاقائی رہنماؤں اور کانفرنس میں شریک دیگر اہم شخصیات سے ملاقاتیں ہوں گی، جن میں بچوں کے حقوق کے تحفظ، معیاری تعلیم اور صحت کی سہولیات تک رسائی اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ بعد ازاں سیو دی چلڈرن کے ریجنل ہیڈ مسٹر ارشد ملک نے چیئرمین سینیٹ کے اعزاز میں عشائیہ دیا، جس میں اعلیٰ حکام، سفارت کاروں اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ عشائیے کے دوران چیئرمین سینیٹ اور شرکاء کے درمیان بچوں کی فلاح و بہبود سے متعلق مشترکہ ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ کی مشیر محترمہ مصباح کھر اور انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس (ISC) کی سیکرٹری جنرل سیدہ ایک ناتھ ڈھکال بھی عشائیے میں شریک تھیں۔ اس موقع پر پارلیمانی تعاون اور علاقائی روابط کے فروغ سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ دورہ بچوں کی فلاح و بہبود، تعلیم، انسانی حقوق اور علاقائی تعاون کے لیے پاکستان کے عزم کا مظہر ہے اور بچوں کے محفوظ اور روشن مستقبل کے لیے بین الاقوامی شراکت داری کے ساتھ مل کر کام کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

(06)

کی بہبود اور ترقیاتی منصوبوں میں مکمل تعاون کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر ماضی میں آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کے لیے وفاقی حکومت کے کردار کا بھی ذکر کیا گیا۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے پنجاب حکومت کے فعال کردار پر بھی گفتگو کی گئی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سید انتخاب علی گیلانی نے کشمیری عوام کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر بروقت اور مؤثر عمل درآمد یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کے انتخابات کے دوران تعاون، آزاد کشمیر میں امن و امان اور ترقی کے حوالے سے امور بھی زیر بحث آئے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وفاقی وزراء احسن اقبال، انجینئر امیر مقام، طارق فضل چوہدری اور عطا اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ، سینیٹر پرویز رشید، سینیٹر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم اورنگزیب، رکن آزاد کشمیر اسمبلی شاہ غلام قادر اور مسلم لیگ ن کے رہنما سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجا فاروق حیدر سمیت دیگر حکام موجود تھے۔

(07)

میں چینی کی موجودہ پیداوار، کھپت کے تخمینوں اور سپلائی چین کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا تاکہ مقامی منڈیوں میں چینی کی بلاتعطل دستیابی یقینی بنائی جا سکے۔ نائب وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مقامی منڈیوں میں چینی کی قیمتوں کو استحکام برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق حکومت عام شہریوں کو سہولت فراہم کرنے اور صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کرنے کے لیے پرعزم ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ کسانوں کے مفادات کا تحفظ بھی یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری انڈسٹریز، قومی غذائی تحفظ و تحقیق اور قانون و انصاف سمیت متعلقہ وزارتوں اور محکموں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

(08)

کے مسائل کو سنجیدگی سے سمجھتے ہوئے انہیں سہولیات فراہم کرے تاکہ ان کے روزگار کا تحفظ حاصل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے ہی روزگار کی شرح تشویشناک حد تک پست ہے، سرکاری سطح پر روزگار کے مواقع محدود ہیں جبکہ نجی شعبے میں بھی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مناسب مواقع موجود نہیں۔ ایسے حالات میں ایرانی پٹرول کا کاروبار ہزاروں افراد کے لیے معاشی سہارا بنا ہوا ہے۔ اگر اس کاروبار سے وابستہ افراد کو مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا تو اس کے اثرات براہ راست ہزاروں خاندانوں کی معاشی زندگی پر مرتب ہوں گے۔ عہدیداروں نے کہا کہ حکومت روزگار کے اس ذریعے کو ختم کرنے یا محدود کرنے کے بجائے اس سے وابستہ افراد کو ریلیف اور قابل عمل پالیسی مرتب کرے، انہیں قانونی تحفظ فراہم کیا جائے اور کاروبار کو بہتر انداز میں جاری رکھنے کے لیے ضروری سہولیات مہیا کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک حکومت روزگار کے متبادل اور پائیدار ذرائع فراہم نہیں کرتی، اس وقت تک ایسے اقدامات کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ نوجوانوں کو روزگار چھیننے کے بجائے انہیں روزگار کے مزید مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایرانی پٹرول کے کاروبار سے منسلک ہزاروں افراد کے معاشی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں اور ایسا نظام وضع کیا جائے جس سے حکومتی قواعد و ضوابط کی پاسداری کے ساتھ نوجوانوں کا روزگار بھی محفوظ رہ سکے۔

(09)

ممالک کے حکام نومبر میں دوحہ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت مشترکہ دفاعی تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور معاہدے کو عملی شکل دینے کے لیے تفصیلی مذاکرات کریں گے۔ ہاکان فیدان نے بتایا کہ اجلاس میں معاہدے کو ادارہ جاتی شکل دینے، مشترکہ دفاعی تعاون کے فروغ اور علاقائی سلامتی کے معاملات پر غور کیا جائے گا۔ ترک وزیر خارجہ نے مزید بتایا کہ آٹھ ملکی اسلامی ممالک کا ورکنگ گروپ کا دوسرا مشترکہ اجلاس بھی نومبر میں جرمنی میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب، مصر، جرمنی، فرانس، قطر اور برطانیہ کے نمائندے شرکت کریں گے۔ ہاکان فیدان کا کہنا تھا کہ غزہ کے مسائل کے حل کے لیے علاقائی ممالک کی قیادت میں کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ یاد رہے کہ ستمبر میں سعودی عرب اور پاکستان نے باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ واضح رہے کہ ترکیہ اور دیگر ممالک کا کہنا ہے کہ سعودی عرب اور ترکیہ کو دفاعی معاہدے کے ذریعے پاکستان کے ساتھ شراکت داری پر بات کرنے کی ضرورت ہے۔ عرب اور رکن ممالک کی سلامتی کے لیے مشترکہ اقدامات پر کام کر رہے ہیں۔

(10)

کی میڈیکل رپورٹس طلبی کی درخواست پر بھی سماعت ہوئی۔ عدالت نے دوران سماعت بشریٰ بی بی کی جیل میں حکم دیا کہ انہیں طبی سہولیات فراہم کرنے کا حکم دیا جائے۔ بشریٰ بی بی کی آنکھ کے اسپیشلسٹ ڈاکٹر کو جیل بھیجا جائے۔ بشریٰ بی بی کی جیل میں جو سہولیات ہیں ان کو بھی عمل میں لایا جائے۔ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے اسلام آباد ہائیکورٹ نے دلائل شروع کیے۔ لطیف کھوسہ نے سماعت کے آغاز پر کہا کہ بشریٰ بی بی کی آنکھ کی میڈیکل رپورٹ جمع کرانا چاہتا ہوں۔ بشریٰ بی بی کی آنکھ میں جو بینائی کا مسئلہ ہے اس سے متعلق رپورٹ ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ آپ اس معاملے کو الگ رکھیں، جس پر لطیف کھوسہ نے کہا کہ اس مقدمے میں ہماری دو درخواستیں مقرر ہیں، دوسری طرف چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کہا کہ آپ ایک لفظ نہیں بولیں گے، یہ کیس آپ ہی کا ہے، آپ نے ایک ہی اپیل پر ہی دلائل کا آغاز کریں، یقین دلاتا ہوں کہ اس پر فیصلہ آئے گا اور انصاف ہوگا۔ عدالت نے سماعت ملتوی کر دی۔

(11)

کو مفت تعلیم، فنی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے۔ اجلاس میں خصوصی طور پر اس سلسلے میں قانون سازی کے لیے ماہرین کی رائے لینے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں قانون اور متعلقہ محکموں کے حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی مشیر اسد اللہ بلوچ، زاہد علی ریکی، فرح عظیم شاہ، ہادیہ نواز، سیکرٹری سماجی بہبود عصمت اللہ قریشی اور محکمہ قانون کے ڈپٹی سیکرٹری احسان برکت بھی موجود تھے۔ اجلاس میں بل کے مختلف شقوں، اغراض و مقاصد اور صوبے میں اس کے نفاذ سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ مجوزہ قانون آئین پاکستان کے آرٹیکل 25-A اور 37-B کی روشنی میں تعلیم کے فروغ اور سماجی بہبود کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مجوزہ قانون کے تحت کمزور اور پسماندہ طبقات کو مفت تعلیم، بنیادی سہولیات، فنی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ چیئرمین نے کہا کہ قانون کے ذریعے ان بچوں کو قومی دھارے میں لایا جائے گا اور بلوچستان کی پسماندہ آبادی کی معاشی خودمختاری اور ان کی سماجی زندگی میں بہتری لائی جائے گی۔

(12)

کبھی اسکول یا دینی مدرسے میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع نہیں ملا۔ ان افراد کو تعلیمی محرومی دور کرنے کے لیے غیر رسمی تعلیم کا مؤثر اور قابل عمل نظام متعارف کرانا ناگزیر ہے۔ کمیٹی کے رکن میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے وسیع جغرافیائی رقبے اور منتشر آبادی کے باعث روایتی تعلیمی نظام ہر علاقے اور طبقے تک یکساں رسائی فراہم کرنے سے قاصر رہا ہے۔ ایسے میں نان فارمل ایجوکیشن کا نظام ایک مؤثر متبادل ثابت ہو سکتا ہے۔ بالخصوص دیہی علاقوں اور معاشی مشکلات کا شکار خاندانوں کے بچوں کو تعلیمی دھارے میں شامل کرنے کے لیے انہیں ایسے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے جن میں وہ اپنی معاشی مجبوریوں اور روزگار کے مواقع کے ساتھ ساتھ تعلیم بھی حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ قانون پر مؤثر عملدرآمد کے لیے مناسب بجٹ، تربیت یافتہ عملہ اور شفاف نگرانی کا نظام وضع کرنا ہوگا تاکہ اس کے ثمرات عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ بلوچستان میں شرح خواندگی کے اعتبار سے دیگر صوبوں کے مقابلے میں حوصلہ افزا نہیں، لہٰذا مجوزہ قانون خواندگی کے خاتمے اور تعلیمی مواقع میں اضافے کے لیے مضبوط قانونی بنیاد فراہم کر سکتا ہے۔ قائمہ کمیٹی کے اراکین نے اس بل کو صوبے کے لیے ایک اہم قانون سازی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ملک کا پہلا صوبہ بننے کی جانب گامزن ہے جہاں نان فارمل ایجوکیشن کے شعبے میں اس نوعیت کی قانون سازی متعارف کرائی جا رہی ہے۔ اجلاس میں بل کی جلد منظوری اور نفاذ پر زور دیا گیا اور کہا گیا کہ اس اقدام سے صوبے کے محروم اور پسماندہ طبقات کو تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔

(12)

با اثر ملزمان کے دباؤ کے باعث پولیس کی جانب سے دادرسی نہ ہونے پر انہوں نے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا، جہاں سیشن جج ایڈیشنل سیشن آف پشین نصیر آباد شجاع الدین نے ان کا مقف درست تسلیم کرتے ہوئے متعلقہ تھانہ بابا کوٹ کو فوری ایف آئی آر درج کرنے کا حکم صادر کر دیا ہے۔ مقف میں طالب حسین نے مزید بتایا کہ 21 اکتوبر 2026 کو محمد شریف کیمپ میں زمین اور پانی کے تنازع پر ایک جرگہ منعقد ہوا۔ جرگے کے اختتام کے بعد ملزمان عبدالغفور، محمد آصف، غلام رسول، محمد شریف اور دیگر نامعلوم مسلح افراد نے ان کے رشتہ داروں پر فائرنگ کر دی۔

(13)

شدید بیروزگاری میں مبتلا بجلی اور گیس کے بدترین بحران نے کاروبار کو تباہ کر دیا، عوام بلبلا اٹھے ہیں اور سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی گیس کی فراہمی غائب، گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں سلیم عباسی ہاؤس میں منعقدہ ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس کی صدارت انجمن تاجران متحدہ کے سینئر رہنما حاجی طارق عباسی، جنرل سیکرٹری اکرام عباسی، شہزاد عباسی، قیصر عباسی، ناصر عباسی، عدنان عباسی، جمیل عباسی، نعمان عباسی، فیصل عباسی، صدیق عباسی، شبیر عباسی اور دیگر نے کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سوئی گیس اور بجلی کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ شدید سردی کے موسم میں گیس اور بجلی کی بندش نے کاروبار کو شدید متاثر کیا ہے۔ گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ کاروباری طبقہ بھی متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گیس کی فراہمی کو بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کو ذہنی مریض بنا دیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اگر فوری طور پر گیس اور بجلی کی فراہمی بہتر نہ بنائی گئی تو عوام کے ساتھ مل کر احتجاج کا راستہ اختیار کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اور صنعت کار پریشان ہیں، روزگار خطرے میں پڑ گیا ہے۔

(14)

میں غیر ملکی قانونی فرموں کو سعودی عرب میں کمپنیاں قائم کرنے کی اجازت کی منظوری بھی دی گئی ہے۔ کابینہ اجلاس میں سعودی معیشت کی مضبوطی اور بہتری پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ان فیصلوں کو خلیجی ممالک کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون اور سعودی عرب میں قانونی خدمات کے شعبے کی ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

(15)

بازاروں کا اچانک دورہ کیا۔ کارروائی کے دوران دودھ فروشوں، قصابوں اور سبزی فروشوں کے ساتھ سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی، زائد المیعاد (ایکسپائر) اشیائے خورد و نوش کی فروخت اور صفائی کے ناقص انتظامات پر متعدد دکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ اس موقع پر نائب تحصیلدار نے گوادر کے مرکزی شاہراہوں اور بازاروں میں ٹریفک کی روانی کو متاثر کرنے والے دکانداروں اور تجاوزات قائم کرنے والوں کو بھی سختی سے ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر تجاوزات ختم کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے یہ مہم بلا امتیاز جاری رکھی جائے گی۔

(16)

کے ذریعے پاکستان کی جم سٹونز انڈسٹری کی ترقی کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستان جیمز اینڈ جیولری ڈویلپمنٹ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور جیم سٹونز اینڈ منرلز ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے قیمتی پتھروں کی صنعت میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر احسان افضل، چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد عالمگیر چوہدری اور دیگر نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قدرتی وسائل اور قیمتی پتھروں سے مالا مال ملک ہے، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں قیمتی پتھروں کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت اس شعبے کی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ حکومت اس شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بہتری لانے کے اقدامات کر رہی ہے اور عالمی سطح پر مسابقتی صنعت میں تبدیل کرنا ہے۔

(17)

عائد کرنے کے باعث کو عوام اور ٹرانسپورٹرز کے ساتھ سراسر ظلم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل تبدیلی نے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، جس کے باعث ٹرانسپورٹرز اپنے کاروباری معاملات اور کرایوں کا تعین کرنے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ اس کے براہ راست اثرات عام شہریوں، مسافروں، مزدوروں اور غریب طبقے پر پڑتے ہیں۔ ایسے میں مہنگائی کی چکی میں پسے عوام پر 80 روپے فی لیٹر کا کمر توڑ بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ان پر مزید ٹیکسوں اور لیویز کا بوجھ ڈالنے کی پالیسی ترک کرے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ سیکٹر ملکی معیشت اور عوامی آمد و رفت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، لیکن مسلسل بڑھتے ہوئے اخراجات، مہنگا ڈیزل، پٹرول اور دیگر ٹیکسوں نے اس شعبے سے وابستہ افراد کو معاشی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے لیے مستقل اور عوام دوست پالیسی مرتب کرے تاکہ ٹرانسپورٹرز کو کاروباری استحکام اور عوام کو سستی سفری سہولیات میسر آ سکیں۔ اس موقع پر بس یونین کے رہنماؤں نے وزیراعظم پاکستان، وفاقی وزیر خزانہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافے کا سلسلہ بند کیا جائے اور 80 روپے فی لیٹر لیوی کو واپس لے کر ٹرانسپورٹرز کو خصوصی ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ عوام اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

(18)

جتوئی 1973 میں سندھ کے وزیر اعلیٰ رہے۔ انہوں نے جنوبی پنجاب کے علاقے کوٹ ادو سے 1989 کے قومی اسمبلی الیکشن لڑا اور کامیاب ہو کر قومی اسمبلی میں اپوزیشن کے متحدہ اپوزیشن لیڈر رہے۔ غلام مصطفیٰ جتوئی محترمہ بےنظیر بھٹو کی پہلی حکومت کی برطرفی کے بعد ملک کے نگران وزیراعظم بنے۔ وہ طویل علالت کے بعد 20 نومبر 2009 کو 78 برس کی عمر میں لندن میں انتقال کر گئے۔

(19)

دی۔ اس موقع پر ضلع کے سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات اور معیاری علاج معالجے کی فراہمی، ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی دستیابی، مریضوں کے علاج معالجے کی سہولیات اور درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل صحت نے ضلع میں ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری یقینی بنانے اور فرائض منصبی پوری ذمہ داری اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ انجام دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو طبی امداد اور علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے حکام کو ہدایت کی کہ صحت کے مراکز میں ادویات کی دستیابی اور طبی آلات کی فعالیت کو یقینی بنائیں اور صحت کے اداروں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں تاکہ عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر صحت کی خدمات فراہم کی جا سکیں۔

(20)

خاتون رکن اسمبلی اجلاس میں خواتین کے لیے نازیبا الفاظ کے استعمال پر احتجاجاً اجلاس کا بائیکاٹ کرتے ہوئے واک آؤٹ کر گئیں۔ بعد ازاں اجلاس کی صدارت بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ریٹائرڈ) عبدالخالق خان اچکزئی نے کی۔ اجلاس میں اسپیکر کی جانب سے خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا گیا، جس کے بعد ارکان اسمبلی ایوان میں واپس آئے اور بلوچستان اسمبلی میں سرفراز بگٹی ایوان کی کارروائی میں شریک ہوئے۔

(21)

پولیس نے کارروائی شروع کی اور تفتیشی مہارت کے ذریعے ملزم صابر شیخ کو گرفتار کر لیا گیا۔ دوران تفتیش ملزم نے مقتول کے قتل کا اعتراف کر لیا ہے۔ ملزم کی نشاندہی پر آلہ قتل کو بھی برآمد کر لیا گیا ہے اور 9 ایم ایم پستول کو فرانزک معائنے کے لیے ایف ایس ایل (FSL) روانہ کر دیا گیا ہے۔ مزید برآں، شناخت پریڈ کی کارروائی بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واردات میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ملزم اور مقتول کے درمیان جائیداد کے تنازع پر جھگڑا ہوا تھا، جس کے دوران موٹر سائیکل سوار ملزمان کی شناخت کر لی گئی اور ملزمان کو قانون کے مطابق سزا دلوانے کے لیے مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

(22)

جانب سے پروگرام ترتیب دے رہے ہیں جس سے شرکت کا موقع ملے گا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 1996 میں ایک قرارداد منظور کرتے ہوئے 21 نومبر کو عالمی یوم ٹیلی ویژن قرار دیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد ٹیلی ویژن کے ابلاغی کردار اور عالمی سطح پر معلومات کی فراہمی کے اہم ذریعے کو اجاگر کرنا ہے۔

(23)

صاف پانی، مواصلاتی سڑکوں اور دیگر بنیادی ضروریات کی سہولیات کی فراہمی پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نے عوامی نمائندوں کے مسائل سننے کے بعد یقین دہانی کرائی کہ ان کے جائز مسائل کو حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔ ملاقات کے اختتام پر عوامی نمائندوں نے ڈپٹی کمشنر کی جانب سے مسائل کے حل کی یقین دہانی پر اظہار تشکر کیا۔

(24)

کی پالیسی کے تحت مدارس کی رجسٹریشن کے لیے بلوچستان بھر میں کارروائیاں جاری ہیں اور ڈپٹی کمشنرز بلوچستان کے چیئرمین کو رجسٹریشن کے حوالے سے تمام ریکارڈ فراہم کیا جائے۔ تمام مدارس کے انتظامیہ دستاویزات کی جانچ پڑتال ضلعی سطح پر مکمل کریں تاکہ رجسٹریشن کا عمل مکمل کیا جا سکے۔ تمام مدارس انتظامیہ اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان رابطہ برقرار رکھا جائے اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے۔ مدارس قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے ہیں اور باہمی مشاورت کے ذریعے تمام مدارس کی بروقت رجسٹریشن کو یقینی بنایا جائے گا۔

(25)

کناروں پر بسنے والے لوگ عموماً ماہی گیری کے پیشے سے جڑے ہوتے ہیں۔ سمندر کے کناروں پر بسنے والی آبادیوں کے لوگوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مچھلیاں پکڑ کر لانے والے ماہی گیروں کی دن رات محنت سے ہمیں سمندری خوراک میسر آتی ہے۔ ماہی گیر ہفتوں اور مہینوں گزار دیتے ہیں لیکن بدلے میں چند سو روپوں کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں آتا، صرف کراچی کا ساحل یومیہ لاکھوں لوگوں کو روزگار دیتا ہے۔ یہاں سے پاکستان نہ صرف روزانہ لاکھوں ٹن مچھلیاں بیرون ملک ایکسپورٹ کر کے زر مبادلہ کماتا ہے بلکہ ملکی ضروریات بھی پوری ہوتی ہیں۔ لیکن ماہی گیروں کو حکومت کی جانب سے خاطر خواہ سہولیات میسر نہیں ہیں۔ ماہی گیری کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے اور ماہی گیروں کے مسائل کے حل کے لیے حکومت کی توجہ درکار ہے۔ ماہی گیروں کے مسائل کا صرف باتوں میں ہی تذکرہ کیا جاتا ہے، مگر حقیقت میں ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی قدم نہیں اٹھایا جاتا۔

(26)

جاری ہے۔ ایک انٹرویو میں سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ ہم نے صرف بلاول بھٹو کو سنا ہے، ہم کافی عرصے سے یہ سب کہہ رہے ہیں، 26 ویں اور 27 ویں ترمیم سے پہلے بات کرتے تو شاید ہم بلاول کی بات کو اہمیت دیتے۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کا کہنا ہے کہ اب 28 ویں ترمیم نہیں ہوگی، ابھی ہم دیکھ رہے ہیں کہ یہ پیپلز پارٹی کا تیر تکے پر لگ جاتا ہے یا یہ گورنر شپ کا معاملہ ہے۔ اگر پیپلز پارٹی کا ووٹ ہو تو گورنر کا موضوع بن جائے گا۔ ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان گورنر شپ کے معاملے پر اختلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو آخر میں حکومت کے ساتھ کھڑا ہونا ہی پڑتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کو بلاول بھٹو کی ضرورت ہے۔ بلاول بھٹو کے بغیر 28 ویں ترمیم ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم 28 ویں ترمیم میں ہونے والی چیزوں کی مخالفت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 28 ویں ترمیم سے صوبوں کے حقوق متاثر ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے بننے ہیں تو ریفرنڈم کرایا جائے، عوام کی رائے لی جائے، اور صوبے ختم کرنے کے لیے بھی صوبائی اسمبلی، سینیٹ اور قومی اسمبلی سے اجازت لینی چاہیے۔

(27)

حکومت کو منشیات کے خاتمے کی پالیسی پر مکمل عملدرآمد کرتے ہوئے وفاقی حکومت نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نارکوٹکس کنٹرول کے ذریعے ضلع پشین میں مختلف علاقوں میں منشیات کی فصل کی تلفی کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ اس کارروائی میں اسسٹنٹ کمشنر پشین کی نگرانی میں بھرپور آپریشن کیا گیا، جس میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نارکوٹکس کنٹرول، لیویز، پولیس اور ایف سی اہلکاروں کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ آپریشن کے دوران تقریباً 25 ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی پوست کی فصل کو تلف کیا گیا۔ اس طرح مجموعی طور پر تقریباً 33 ایکڑ اراضی پر منشیات کی غیر قانونی کاشت کو تلف کیا جا چکا ہے۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول سمیت ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع میں منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور اس لعنت سے معاشرے کو پاک کرنے کے لیے حکومتی مشن کو کامیاب بنایا جائے گا۔

(28)

احسن طاہر کو سینئر سول جج نصراللہ کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت تفتیشی افسر نے استدعا کی کہ ملزم کا مزید جسمانی ریمانڈ دیا جائے، تاکہ مزید تفتیش کی جا سکے۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ملزم سے مزید معلومات حاصل کرنی ہیں، پولی گرافک ٹیسٹ بھی کرانا ہے۔ تفتیشی افسر نے بتایا کہ ملزم کے موبائل فون کا فرانزک بھی ضروری ہے۔ عدالت نے ملزم کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیجنے کا حکم دیا۔ مقدمے میں وکیل صفائی نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم سے تفتیش مکمل ہو چکی ہے۔ عدالت نے ملزم کو جیل بھیجنے کا حکم دیتے ہوئے آئندہ سماعت پر رپورٹ طلب کر لی۔ ملزم احسن طاہر کی گرفتاری کے بعد پولیس نے اس کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کیا تھا۔

(29)

پاکستان کا آئینی خاندان، مال اور جان کے تحفظ کا ضامن ہے اور یہ کسی بھی صورت سال کی عمر کے بچے کو بوگوتا کانفرنس میں اسی حوالے سے پاکستان نے اپنے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ پاکستان کی جانب سے بچوں پر تشدد کے خاتمے کے لیے قانونی اقدامات اور ادارہ جاتی سطح پر اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ پاکستان نے بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے (2031-2026) کا آغاز کیا ہے، جبکہ اسلام آباد چائلڈ پروٹیکشن پالیسی بھی مرتب کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بچوں کے تحفظ کے لیے نیشنل کمیشن آن دی رائٹس آف چائلڈ بھی قائم کیا گیا ہے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ ملک میں 42 ہزار چائلڈ پروٹیکشن یونٹس قائم ہیں۔ 2030 تک 100 اضلاع میں بچوں کے تحفظ کا نظام وسعت دی جائے گی۔ یہ نظام ٹیکنالوجی کے استعمال سے مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔

(30)

کے وکیل رانا مدثر عمران نے دلائل کیلئے پیش ہوئے۔ پراسیکیوشن کی جانب سے مقدمات کا ریکارڈ پیش نہیں کیا جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پراسیکیوشن کو ریکارڈ پیش کرنے کا آخری موقع دے کر سماعت ملتوی کر دی۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت نے ساعت کی، جناح ہاؤس کے قریب پولیس کی گاڑی جلانے کے مقدمے میں ضمانت کی ساعت 21 نومبر تک ملتوی، عدالت نے مقدمہ نمبر 108/23 میں ضمانت پر ساعت 21 نومبر تک ملتوی کر دی۔ جبکہ آئندہ سماعت پر مقدمہ نمبر 108/24 میں ضمانت پر فیصلہ جاری ہوگا۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے عسکری ٹاور حملہ کیس سمیت دو مقدمات میں ضمانت کی درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔

(31)

مالی سپلائی ڈیٹا 30 نومبر تک جمع کرانا ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن نے کارگو ٹینڈر کے تحت کمپنیوں سے بولیاں طلب کی ہیں۔ ٹینڈر میں 30 نومبر کو بولی کھولی جائے گی، پہلے کارگو کی ڈیلیوری تبدیل کر کے 25 سے 26 دسمبر 2026 مقرر کی گئی ہے، اس سے قبل کارگو ون کے لیے ڈیلیوری 14 سے 16 دسمبر 2026 مقرر تھی۔ ذرائع کے مطابق دوسرے ایل این جی کارگو کی ڈیلیوری 9 سے 11 جنوری 2027 برقرار رکھی گئی ہے۔ حکومت نے 12 نومبر کو ایل این جی کے 2 کارگوز کی خریداری کیلئے ٹینڈر جاری کیا تھا، ٹینڈر پاکستان ایل این جی لمیٹڈ کی طرف سے جاری کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق ٹینڈر دسمبر 2026 اور جنوری 2027 کی سپلائی کیلئے جاری کیا گیا تھا۔

(32)

جائیں گی۔ پیشہ ورانہ طور پر گداگری میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق جیل بھجوایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایت کی کہ شہر کے سڑکوں، شاہراہوں اور مختلف علاقوں میں گداگری کی صورت حال کا جائزہ لیا جائے۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور محکمہ سوشل ویلفیئر مشترکہ طور پر روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں کریں گے اور ان کارروائیوں کی باقاعدہ رپورٹ پیش کریں گے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ شہر کو گداگری سے پاک کرنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔

(33)

سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق متاثرہ پائپ لائن کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے اور تمام متعلقہ کام کیے جا رہے ہیں اور نقصان کا جائزہ مکمل ہونے کے بعد بحالی کا کام شروع کیا جائے گا۔ تفصیل کے مطابق سوئی سدرن گیس کے ترجمان نے بتایا کہ کوئٹہ میں پٹیکل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی جانب سے سڑک کی تعمیر کے دوران تعمیراتی کام کے باعث گیس کی 16 انچ قطر کی سپلائی لائن کو نقصان پہنچا ہے۔ ترجمان کے مطابق پائپ لائن متاثر ہونے کے باعث متعدد علاقوں میں گیس کی فراہمی عارضی طور پر معطل کر دی گئی ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ متاثرہ مقام پر ہنگامی بنیادوں پر مرمت کا کام جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق گیس کی سپلائی جلد بحال کر دی جائے گی۔ ترجمان نے بتایا کہ ہونے والے نقصان کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور نقصان کی نوعیت کا تعین کرنے کے بعد مرمتی کام شروع کیا جائے گا۔

(34)

ترکی المالکی نے بتایا کہ حوثیوں نے جنگ کے آغاز سے اب تک صنعا، عمران، صعدہ اور حدیدہ میں حوثی گروپ کے ٹھکانوں پر حملے کیے گئے ہیں۔ اتحادی افواج نے اس دوران بیلسٹک میزائل اور ڈرون حملوں کو ناکام بنایا۔ اتحادی افواج کی کارروائیوں میں حوثیوں کے ہتھیاروں کے ذخیرے تباہ کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ حوثیوں کے 60 فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ حوثی گروپ کی بیلسٹک میزائل اور ڈرون حملوں کی صلاحیت کمزور کر دی گئی ہے۔ اتحادی فوج کے مطابق یمن کے ساحلی شہر الحدیدہ میں حملوں کے دوران 11 افراد ہلاک ہوئے۔ حوثیوں کے زیر قبضہ شہر صنعاء میں بھی کارروائیاں کی گئیں۔ اتحادی فوج کے مطابق الحدیدہ میں 7 افراد ہلاک ہوئے جبکہ صعدہ میں 4 افراد ہلاک ہوئے۔ حوثی عسکری میڈیا نے بیان میں کہا کہ حملوں کے نتیجے میں کئی بچے اور خواتین بھی جاں بحق ہوئے ہیں۔ سعودی عرب نے حوثیوں کی جانب سے کیے گئے حملوں کی مذمت کی۔ خطے کے ماہرین کے مطابق سعودی عرب اور ایران کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔ دوسری جانب حوثیوں نے بھی 178 گاڑیاں اور 74 فوجی گاڑیاں تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔

(35)

رفت ہے کہ ڈی آئی جی عرفان بلوچ نے کیس کا نوٹس لے لیا ہے۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کیس کی تحقیقات جاری ہیں اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اس کیس کو منطقی انجام تک پہنچائے گی اور انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے گا۔

(36)

مطالبہ کیا گیا کہ گندم کی قیمت 700 روپے فی من مقرر کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر فصلوں کی صورتحال بھی خراب ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ کسان پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں۔ حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ گندم کی خریداری کی جائے اور کسانوں کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

(37)

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے سیکیورٹی افسران کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ بعد ازاں انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے گزشتہ اجلاس میں قبائلی نظام کے حوالے سے پیش کی گئی قرارداد کو غلط اور بعض عناصر کی جانب سے سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے ایوان میں مجوزہ ترمیمی بل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ قومی اسمبلی کی طرح بلوچستان اسمبلی میں بھی سرکاری بل (ڈی سی) کے علاوہ دیگر بلز پر بھی غور کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر کی اس تجویز پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ریٹائرڈ) عبدالخالق خان اچکزئی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ان کی رائے طلب کی۔ جس پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ اس حساس معاملے پر کوئی حتمی رائے دینے سے قبل تمام سیاسی جماعتوں سے مشاورت کریں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس حوالے سے اراکین اسمبلی سے مشاورت کی جائے گی اور اس معاملے کو دوبارہ ایوان میں لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں قبائلی نظام اور سرداری نظام ایک حقیقت ہے اور اس حوالے سے ہر فیصلہ مشاورت سے کیا جائے گا۔ ایوان کے اراکین نے بھی اس معاملے پر اپنی رائے کا اظہار کیا اور ان سے بھی مشاورت کی جائے گی۔ اس معاملے پر بہتر لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

(38)

اپنے مسائل کے حل کے لیے اوران کا ادارہ بھی اس کی مدد کر سکتا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل دو رکنی ڈویژن بنچ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس کی سماعت کی۔ سزاؤں کے خلاف دائر اپیلوں کی سماعت کی گئی۔ عدالت میں ملزمان کی جانب سے نامور قانونی ماہرین بیرسٹر سلمان صفدر اور سردار لطیف کھوسہ پیش ہوئے، جبکہ نیب کے اسپیشل پراسیکیوٹر رافع مقصود اور ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نوید حیات ملک بھی روسٹرم پر موجود تھے۔ عدالتی کارروائی کے دوران بیرسٹر سلمان صفدر نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا کے خلاف دائر اپیل پر باقاعدہ دلائل کا آغاز کیا۔ سابق وزیراعظم عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جانب سے القادر ٹرسٹ کیس میں سزاؤں کے خلاف اپیلوں کی سماعت کی گئی۔ تاہم چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کہا کہ عدالت اس کیس کو ترجیحی بنیادوں پر سن رہی ہے۔ تمام فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ سنایا جائے گا۔ عدالت نے آئندہ سماعت تک کے لیے کارروائی ملتوی کر دی۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے عدالت کو بتایا کہ بشریٰ بی بی کو جیل میں طبی سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں اور ان کی صحت سے متعلق رپورٹ جمع کرانا چاہتے ہیں۔ عدالت نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جیل میں سہولیات سے متعلق درخواستیں بھی زیر سماعت ہیں۔ اس دوران عدالت نے ہدایت کی کہ بشریٰ بی بی کو ڈاکٹر فراہم کیا جائے اور ان کا معائنہ کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔

(39)

جھڑپوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں دوگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ سال 14 صوبوں میں 28 صوبوں تک پھیل گئیں اور جھڑپوں کا سلسلہ بڑھ گیا۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان میں طالبان مخالف مسلح گروپوں کی کارروائیوں میں اضافہ ہوا ہے۔ اس سال ریکارڈ جھڑپوں میں 44 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ طالبان مخالف گروہ نیشنل ریزسٹنس فرنٹ اور افغانستان فریڈم فرنٹ نمایاں ہیں۔ اے سی ایل ای ڈی کے مطابق طالبان رجیم کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ طالبان رجیم کے زیر تسلط علاقوں میں عوامی بےچینی بڑھ رہی ہے۔ کشیدگی کی صورتحال میں افغانستان میں طالبان کے اندرونی اختلافات بھی سامنے آئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق طالبان کا کنٹرول کمزور پڑ رہا ہے۔

(40)

سے کہا گیا۔ عالمی ذرائع ابلاغ کی رپورٹس کے مطابق ایران نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کر لی ہے۔ امریکی حکام نے ایرانی حملوں کی تصدیق کر دی۔ امریکی پابندیوں کے بعد ایران نے ایک بار پھر اپنی فوجی طاقت کا مظاہرہ کیا ہے۔ امریکی فوج کا کہنا ہے کہ ایرانی ڈرون اور میزائل حملوں کو ناکام بنایا گیا۔ اسرائیلی حکام کے مطابق ایران کی جانب سے اسرائیل پر بھی ڈرون حملے کیے گئے۔ ایرانی فوج کے ترجمان نے کہا کہ جوابی کارروائی جاری رہے گی۔ ترجمان نے کہا کہ ایران اپنی سرحدوں کے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھائے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک نے بھی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کویت کی جنرل اسٹاف کے مطابق ایرانی ڈرونز نے کویت کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی۔ کویتی وزارت خارجہ نے ایرانی حملوں کی شدید مذمت کی۔ خلیجی ممالک نے کہا کہ ایران کو علاقائی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے سے باز رہنا چاہیے۔ شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے گئے ہیں۔ کویتی حکام نے ایرانی ڈرونز کی جانب سے خلاف ورزی کو ناقابل قبول قرار دیا۔

قومی سلامتی کے لیے براہ راست خطرہ قرار دیا ہے۔ کویتی وزارت خارجہ نے بدھ کو جاری ایک بیان میں کہا کہ ایرانی حملے کویت کی خودمختاری کی واضح خلاف ورزی، اس کی سلامتی اور استحکام کے لیے براہ راست خطرہ اور بین الاقوامی قانون کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ وزارت کے مطابق یہ حملے خطے میں کشیدگی بڑھانے اور علاقائی استحکام کو نقصان پہنچانے کا سبب بن سکتے ہیں۔ وزارت خارجہ نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ کویت اپنی خودمختاری، سلامتی اور اپنے عوام کے تحفظ کے دفاع کے لیے تمام ضروری اقدامات کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف شروع کی گئی جنگ کے بعد سے کویت ایرانی میزائلوں اور ڈرون حملوں کی زد میں ہے۔ بحرین ڈیفنس فورس نے کہا ہے کہ متعدد فضائی حملوں کو روک دیا ہے۔ بحرین نے ان حملوں کا ذمہ دار تہران کو قرار دیا ہے۔ اس سے قبل بحرین کی وزارت داخلہ نے شہریوں کو خبردار کیا تھا کہ وہ کسی غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں اور محفوظ مقام پر منتقل ہو جائیں۔ تقریباً ایک گھنٹے بعد خطرہ ٹلنے کا اعلان کیا گیا۔ وزارت نے رات تقریباً 3 بج کر 45 منٹ پر دوبارہ وارننگ جاری کی، تاہم 30 منٹ بعد ہی خطرہ ٹلنے کا اعلان کیا گیا۔ وزارت داخلہ نے احتیاطی تدابیر کے طور پر سوق واقف میں ایک گھر کے قریب شرک پہنچی کی نشاندہی ہوئی۔ بیان میں کہا گیا کہ ایمبولینس سینٹر کے اطراف میں ملبہ گرنے سے کچھ گاڑیوں کو نقصان پہنچا اور آگ بھڑک اٹھی۔ تاہم کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ دوسری جانب ایرانی ڈرون حملے کے بعد بحرین کے ایک آئل ریفائنری میں آگ لگ گئی جسے فائر فائٹرز نے قابو پالیا۔ ایرانی فوج نے کہا کہ اس نے امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے۔ بحرین کے حکام نے کہا کہ ایران کی جانب سے داغے گئے میزائلوں کو روک لیا گیا۔ مخصوص محفوظ راستوں سے آمدورفت اور ٹریفک سسٹم کو بحال رکھنا لازمی ہے۔

(41)

جامعات میں تمام مضامین کے لیے درخواستیں طلب کر لی گئی ہیں۔ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ تک زیادہ سے زیادہ 22 سال اور انٹرمیڈیٹ میں 60 فیصد نمبر لازمی قرار دیے گئے ہیں، امیدوار اور والدین کا بلوچستان یا سابقہ فاٹا کا مستند ڈومیسائل اور لوکل سرٹیفکیٹ ہونا لازمی شرط ہے۔ ایچ ای سی کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق اسکالرشپ کے تحت 1,000 نشستیں مختص کی گئی ہیں، بلوچستان اور سابقہ فاٹا کے طلبا کے لیے 50/50 فیصد کوٹہ مقرر کیا گیا ہے۔ طلبا کو ماہانہ 2 لاکھ روپے تک ٹیوشن و ہاسٹل فیس، 12 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ اور کتابوں، رہائش اور سفر کے الاؤنسز بھی ملیں گے۔ آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 14 دسمبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ مزید تفصیلات ایچ ای سی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

(42)

سیکیورٹی فورسز جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دھماکے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

(43)

کیا گیا ہے۔ یہ قرضوں کی مقررہ لاگت میں شامل ہوں گے۔ شرح منافع میں قرض لینے والوں کو زیادہ لاگت اور قرضوں کے بوجھ سے بچانا ہے۔ اسی طرح، ڈیجیٹل قرض پر 50 ہزار روپے تک کے قرض پر زیادہ سے زیادہ 90 دن کی مدت دی جا سکے گی۔ قرضوں کی جلد ادائیگی پر کوئی اضافی چارج نہیں لگایا جائے گا۔ قرض صارف کے پاس رقم واپس کرنے کی مدت کے دوران صارف سے مقررہ تاریخ کے بعد بھی کوئی چارج نہیں وصول کیا جائے گا۔ موبائل ایپ کے ذریعے قرض دینے والی کمپنیاں ڈیجیٹل قرضے فراہم کریں گی۔ صارفین کو قرض کی تمام شرائط اور دستاویزات فراہم کرنا لازمی ہوگا۔ قرضوں کی جانچ پڑتال کے ساتھ ساتھ ریگولیٹری معاملات کو بھی دیکھا جائے گا۔ ایس ای سی پی کے مطابق ان کمپنیوں کو 15 روز میں قرض کی دستاویزات اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

(44)

امیگریشن کراچی نے کنٹینر شپ AGAMEMNON 8 پر تعینات عملے کے دو بھارتی ارکان کو کسی بھی دستاویزات کی جانچ پڑتال کے دوران ان کے قبضے سے مشکوک دستاویزات برآمد ہونے پر حراست میں لے لیا۔ دستاویزات کی جانچ کے دوران انکشاف ہوا کہ دونوں بھارتی شہریوں کے پاس بیک وقت دو مختلف ممالک کے پاسپورٹس موجود تھے۔ ترجمان کے مطابق ان کے پاس جو دستاویزات تھیں ان کے مطابق وہ مختلف شناخت رکھتے تھے۔ دستاویزات کی جانچ پڑتال کے بعد ان کی شناخت اور اصل قومیت معلوم کی گئی۔ دونوں بھارتی شہریوں کو امیگریشن حکام نے حراست میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ایف آئی اے امیگریشن نے جہاز کے کپتان کو بھی نوٹس جاری کر دیا ہے۔ امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائی جاری ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ملکی سلامتی اور امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔

(45)

اپنی مرضی سے تشریح کی جا سکتی ہے، پیپلز پارٹی کا کہنا ہے کہ نئے انتظامی یونٹس کی مخالفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم ایک حساس معاملہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بھی ایسے ہی مطالبات سامنے آئے ہیں۔ سندھ کو تقسیم کرنے کی باتیں کرنے والے دراصل ملک میں نفرت پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں صوبوں کی تشکیل کا واضح طریقہ کار موجود ہے اور اس کے مطابق ہی کوئی قدم اٹھایا جا سکتا ہے۔

(46)

صوبے بھی انتظامی اکائیاں ہیں، تاہم اب صوبے ریاست کا درجہ اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ جو بات پہلے شہری سندھ میں ہوتی تھی، آج وہ پورا پاکستان کر رہا ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ جب پاکستان میں صوبوں کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

اسلام آباد ہائیکورٹ کا بشریٰ کو جیل میں ہر قسم کی ممکنہ سہولیات دینے کا حکم

بشریٰ بی بی کے لئے اسپشلسٹ ڈاکٹر چاہیے تو ڈاکٹر مہیا کیا جائے، عدالتی ریمارکس

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو جیل میں ہر قسم کی ممکنہ سہولیات دینے کا حکم دیدیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت ہوئی، بشریٰ بی بی (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کوئٹہ، بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود کا اجلاس

بلوچستان نان فارمل ایجوکیشن بل "2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود نے بلوچستان نان فارمل ایجوکیشن بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے دور دراز، پسماندہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں تعلیم کے فروغ کے لیے غیر رسمی تعلیمی نظام متعارف کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مجوزہ قانون کے ذریعے بچوں، نوجوانوں اور تعلیم سے محروم افراد (باقی صفحہ 3 نمبر 11)



اسلام آباد، قطر کے وزیر داخلہ اور انٹرنل سکیورٹی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ الثانی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ نے کاروبار کا پہیہ جام کر دیا، طارق محمود

صورتحال فوری بہتر نہ ہوئی تو عوام کے ساتھ مل کر شدید احتجاج کی کال دی جائے گی، بیان

کوئٹہ (جی این ایم) انٹرنیشنل متحدہ اتحاد عباسیہ کے سینئر رہنما حاجی طارق محمود عباسی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کا گٹھ جوڑ، کاروباری سرگرمیاں ٹھپ، شہری (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

سعودی کابینہ نے خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت منصوبے کی منظوری دیدی

غیر ملکی قانونی فرموں کو سعودی عرب میں کمپنیاں قائم کرنے کی اجازت

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب نے خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت منصوبے کی منظوری دیدی گئی۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی کابینہ کا اجلاس ولی عہد محمد بن سلمان کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں خلیجی ممالک کے ہنگامی صحت کے منصوبے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

صحبت پور، خودساختہ مہنگائی اور تجاوزات کے خلاف انتظامیہ متحرک

زائد المیعاد اشیا، صفائی کے ناقص انتظامات اور ٹریفک کی روانی متاثر کرنے پر کارروائی کی گئی، دیدار گولو

صحبت پور (جی این ایم) ضلعی ہیڈکوارٹر صحبت پور میں خودساختہ مہنگائی پر قابو پانے اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک ہوگئی ہے۔ نائب تحصیلدار صحبت پور دیدار گولو نے پٹواری عامر کریم اور میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں پر مشتمل ٹیم کے ہمراہ شہر کے مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

بلاول بھٹو جانتے ہیں صوبوں کی آڑ میں کھیل کھیلا جا رہا ہے، سعید غنی

سب ایک ہی موقف اختیار کر رہے ہیں کہ نئے صوبوں کی بات سے خون ریزی ہو جائے گی

کراچی (جی این ایم) صوبائی وزیر سعید غنی نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری نے نئے صوبوں کے معاملے پر اپنی رائے کا کھل کر اظہار کیا، وہ جانتے ہیں کہ صوبوں کی آڑ میں کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ سب ایک ہی موقف اختیار کر رہے ہیں کہ نئے صوبوں کی بات سے خون ریزی ہو جائے گی، صوبے بنانے کا طریقہ آئین میں درج ہے، آئین کی (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

موبائل ایپ سے قرضوں پر شرح منافع میں 67 فیصد کمی کر دی گئی

شرح منافع میں کمی قرض لینے والوں کو زیادہ لاگت اور قرضوں کے بوجھ سے بچانا ہے، ایس ای سی پی

کراچی (جی این ایم) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے موبائل ایپ سے قرضوں پر شرح منافع میں 67 فیصد کمی کر دی۔ اس حوالے سے ایس ای سی پی نے نیا سرکلر جاری کر دیا جس کے مطابق موبائل ایپ سے قرض پر سالانہ شرح منافع 90 فیصد مقرر کر دیا گیا، موبائل ایپس پر شرح منافع کی حد 274 فیصد سے کم کی گئی۔ سرکلر کے مطابق 10 ہزار روپے کے قرض پر یومیہ لاگت 24 روپے 66 پیسے ہوگی، تمام فیسیں اور چارجز (باقی صفحہ 3 نمبر 43)



اسلام آباد، قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے راؤ امانت علی ملاقات کر رہے ہیں

ایران کا کویت میں امریکی ڈرون اور میزائل تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

کویت کا ایران پر خودمختاری کی خلاف ورزی کا الزام، ڈرون حملوں کو سلامتی کے لئے خطرہ قرار دیا

تہران، کویت سٹی، منامہ (جی این ایم) مشرق وسطی پر ایک بار پھر جنگ کے سائے منڈلانے لگے، ایرانی فوج نے کویت میں علی السالم فوجی اڈے پر امریکی ڈرون اور میزائل تنصیبات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ کویت اور بحرین نے کہا ہے کہ ایرانی فضائی حملے ناکام بنا دیئے گئے ہیں، ایرانی بحریہ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں ایک دن میں تیسرا آئل ٹینکر بارودی سرنگوں (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

عمران خان ہمارے لیے انتہائی قابلِ احترام ہیں، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

ان کا خط پوری پبلک میں چلا گیا ہے، ان کے اپنے مسائل ہیں، چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر کے ریمارکس

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزاؤں کے خلاف دائر اپیلوں پر سماعت 7 روز کے لئے ملتوی کر دی۔ دورانِ سماعت چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان سابق وزیراعظم ہیں اور ہمارے لیے انتہائی قابل احترام ہیں، تاہم ان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

کوئٹہ: بلوچستان اسمبلی میں نجی میڈیا کے داخلے پر پابندی کی تجویز

قومی اسمبلی کی طرز پر صرف پی ٹی وی کو کوریج کی اجازت دی جائے، صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی کی جانب سے ایوان کی کارروائی کی کوریج کے لیے نجی میڈیا پر پابندی عائد کرنے کی تجویز سامنے آئی ہے، جس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صحافتی تنظیموں سے مشاورت کے لیے وقت مانگ لیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے سب سے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

امیرِ جماعت اسلامی کا جمعے کو شوگر ملز کے باہر دھرنے کا اعلان

ملک میں زراعت کی صورتِ حال انتہائی خراب ہے، مرکزی امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہماری جماعت جمعے کو شوگر ملز کے باہر دھرنے دے گی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک میں زراعت کی صورتِ حال انتہائی خراب ہے، گنے کی کرشنگ تاحال شروع نہیں ہوئی جبکہ کسان مہنگے زرعی مداخل کے باعث پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 36)



کوئٹہ، اسٹیٹ لائف طیب تکافل کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار کے سے زونل ہیڈ عبدالنبی لاشاری خطاب کر رہے ہیں ریجنل ہیڈ محمد اکبر، بولان سیکٹر ہیڈ زارا پروین اور دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں



گوادر، بسول کے قریب کراچی جانے والی مسافر کوچ کے مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) باؤزر سے ٹکرانے اور آگ لگنے کا منظر

مکہ دفاعی معاہدے کو ادارہ جاتی شکل دینے کیلئے نومبر میں اہم اجلاس ہوگا، ہاکان فیدان

انقرہ (جی این ایم) ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کو ادارہ جاتی شکل دینے کیلئے نومبر میں ایک اور اہم اجلاس منعقد ہوگا، ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے اجلاس کی تصدیق کر دی۔ ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے ایک بیان میں کہا کہ تینوں (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

باباکوٹ، عدالت کا بااثر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا حکم

باباکوٹ (جی این ایم) ڈیرہ مراد جمالی معزز عدالت نے ہمارا موقف تسلیم کرتے ہوئے بااثر ملزمان کے خلاف ایس ایچ او پولیس تھانہ باباکوٹ کو مقدمہ درج کرنے کا حکم دے دیا ہے، ایس ایچ او باباکوٹ کو مقدمہ درج کرے طالب حسین رند، گوٹھ آدم خان رند تحصیل باباکوٹ کے رہائشی طالب حسین ولد آدم خان رند نے مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی کا اجلاس

ملک بھر میں چینی کی مجموعی طلب اور رسد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو یہاں فاضل چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں ملک بھر میں چینی کی مجموعی طلب اور رسد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اس سلسلے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

یوسف رضا گیلانی سیو دی چلڈرن کانفرنس میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بچوں میں سرمایہ کاری سے متعلق سیو دی چلڈرن کی اہم کانفرنس میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بچوں کے حقوق، فلاح و بہبود، تعلیم اور تحفظ سے متعلق سیو دی چلڈرن کے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

وزیراعظم شہباز شریف اور نواز شریف سے صدر و وزیراعظم آزاد کشمیر کی ملاقات

مظفر آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان اور وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار علی گیلانی نے ملاقات کی، جس میں آزاد کشمیر کے ترقیاتی امور اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی حکومت کی جانب سے آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ عوامی فلاح (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ویسٹ بے گوادر میں ماہی گیروں کا شیڈ مکمل

بی ایس ڈی آئی کے تحت 49 لاکھ 91 ہزار روپے کی لاگت سے منصوبہ مکمل

گوادر (خ ن) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ویسٹ بے گوادر میں ماہی گیروں کی سہولت کے لیے شیڈ کی تعمیر کا ترقیاتی منصوبہ مکمل (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ریونیو ریکارڈ کی درستگی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر قلات

زرعی انکم ٹیکس کی وصولی شفاف اور مؤثر بنائی جائے، عائشہ زہری

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی زیرِ صدارت ریونیو اسٹاف کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تحصیلدار قلات، تحصیلدار خالق آباد، محاسب، قانون گو قلات (باقی صفحہ 3 نمبر 4)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بیریک اور ڈی ایم سی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں فارغ التحصیل گریجویٹس ملاقات کر رہے ہیں

نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، خالد مقبول

سندھ کے عوام کی اکثریت نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے حق میں ہے، اس حوالے سے سوالات کے جوابات سامنے آنے چاہئیں

دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، سندھ کے شہروں کو کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے، وفاقی وزیر تعلیم کی پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر تعلیم و رہنما ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ بلاول خواہ مخواہ کے بھٹو ہیں، نئے صوبوں پر خونریزی کی بات پورے پاکستان کو دھمکی ہے، دلیل کا جواب دھمکی نہیں ہوتا، ہم سندھ کے شہروں کا کسی کی جاگیر نہیں بننے دیں گے۔ جمعرات کو کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ نئے صوبوں کا مطالبہ اب محض شہری سندھ تک محدود نہیں رہا بلکہ پورے پاکستان کی ضرورت بن چکا ہے اور اس معاملے پر ملک بھر میں بات ہو رہی ہے۔ انہوں نے میں کہا کہ ڈسٹرکٹ اور ڈویژن کی طرح (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ایرانی پٹرول ہزاروں خاندانوں کا ذریعہ معاش ہے، میر زبیر لانگو

سرکاری نوکری کے حصول میں ناکام سینکڑوں پڑھے لکھے نوجوان بھی اس روزگار سے منسلک ہو چکے ہیں، صدر یونین

کوئٹہ (جی این ایم) آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مرکزی صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی اور دیگر عہدیداروں نے کہا ہے کہ ایرانی پٹرول ہزاروں بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار اور باعزت ذریعہ معاش کی حیثیت رکھتا ہے، جس سے نہ صرف نوجوان بلکہ ہزاروں خاندانوں کا چولہا جل رہا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اس کاروبار سے منسلک افراد (باقی صفحہ 3 نمبر 8)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ بیریک اور ڈی ایم سی کے انٹرنیشنل گریجویٹ ڈویلپمنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں فارغ التحصیل گریجویٹس کا گروپ فوٹو

ہارون اختر سے ایشین پروڈکٹیوٹی آرگنائزیشن کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم): وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ایشین پروڈکٹیوٹی آرگنائزیشن (اے پی او) کے قیمتی پتھروں کے شعبے سے متعلق وفد نے ملاقات کی، جس میں جدید ٹیکنالوجی، ویلیو ایڈیشن، فنی مہارتوں کی ترقی اور بین الاقوامی تعاون (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

پورٹ قاسم پر بھارتی عملے کی دستاویزات میں بے ضابطگیوں کا انکشاف

کراچی (جی این ایم) پورٹ قاسم پر لنگر انداز کنٹینر شپ میں تعینات دو بھارتی شہریوں کی دستاویزات میں سنگین بے ضابطگیاں سامنے آنے پر ایف آئی اے امیگریشن نے متعلقہ شپنگ کمپنی پر 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ایف آئی اے (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

بولان میں نامعلوم افراد نے ریلوے ٹریک دھماکا خیز مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع بولان میں مچھ کے قریب نبی بخش کراس کے مقام پر نامعلوم افراد نے دھماکا خیز مواد سے ریلوے ٹریک کو دھماکے سے اڑا دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور س (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

بلوچستان اور سابقہ فاٹا کے طلبا کے لیے انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کا اعلان

اسلام آباد (جی این ایم) ہائرایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے بلوچستان اور سابقہ فاٹا کے طلبا کیلئے انڈر گریجویٹ اسکالرشپ کا اعلان کر دیا۔ تعلیمی سال 2026-27 کے لئے ملک بھر کی ایچ ای سی تسلیم شدہ سرکاری و نجی (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

افغانستان، طالبان مخالفت میں دوگنا اضافہ، مسلح مزاحمت 28 صوبوں تک پھیل گئی

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان مخالف مسلح مزاحمت میں شدت آ گئی، رواں سال مسلح جھڑپوں اور حملوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں دوگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ معروف امریکی ادارہ برائے تنازعات کے اعداد و شمار اے سی ایل ای ڈی کے مطابق رواں سال طالبان اور مسلح مخالف گروہوں کے درمیان (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

پٹرولیم قیمتوں میں روزانہ اتار چڑھا قوم کے ساتھ مذاق ہے، ظاہر شاہ کاکڑ

فی لیٹر 80 روپے پٹرولیم لیوی عوام اور ٹرانسپورٹرز پر ظلم کے مترادف ہے، وزیر خان کاکڑ

کوئٹہ (جی این ایم) آل پاکستان بس یونین اور پنجاب خیبرپختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، مرکزی جنرل سیکرٹری وزیر خان کاکڑ، نائب صدر اقبال سرگڑھ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حبیب اللہ اور نائب صدر عبدالمتین نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اتار چڑھا کو قوم کے ساتھ مذاق اور فی لیٹر 80 روپے پٹرولیم لیوی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

حب، پولیس کی بروقت کارروائی، اندھے قتل اور ڈکیتی کا معمہ چار گھنٹوں میں حل، مرکزی ملزم گرفتار

گرفتار ملزم صابر مگسی نے اعتراف جرم کر لیا، آلہ قتل 9 ایم ایم پسٹل برآمد، ساتھی کی تلاش جاری، پولیس حکام

حب (جی این ایم) ڈسٹرکٹ پولیس حب نے جدید ٹیکنالوجی اور تفتیشی مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے اندھے قتل اور ڈکیتی کی واردات کا معمہ محض چار گھنٹوں میں حل کر کے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق میونسپل کارپوریشن حب کے ملازم نیک محمد کو ڈکیتی مزاحمت کے دوران فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا تھا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی حب پولیس نے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

میر طارق محمود کھیتران نے ڈپٹی کمشنر کو عوامی مشکلات سے آگاہ کر دیا

عوامی شکایات کے ازالے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں، میر طارق محمود کھیتران

کوئٹہ (اے این این) معروف سماجی و قبائلی شخصیت میر طارق محمود کھیتران نے ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید رحمٰن کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں ضلع بھر کے عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور ترقیاتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران میر طارق محمود کھیتران نے علاقے کے عوام کو درپیش مشکلات بالخصوص تعلیم، صحت، پینے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

برشور میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کا عمل تیز

غیر رجسٹرڈ مدارس کو قانونی طریقہ کار کے تحت رجسٹر کیا جا رہا ہے، اسسٹنٹ کمشنر

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر کے دینی مدارس کی رجسٹریشن کا عمل تیز کر دیا گیا ہے، اس سلسلے میں مقامی علما کرام اور مہتممین مدارس کے ایک نمائندہ وفد نے اسسٹنٹ کمشنر برشور سید رضی ہریرہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سید رضی ہریرہ نے وفد کو بتایا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت (باقی صفحہ 3 نمبر 24)



کوئٹہ، سوئی گیس اور بجلی کی قلت کے خلاف سیاسی جماعتوں اور تاجروں کی جانب سے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال کے باعث بند بازاروں کا منظر

سابق نگران وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی کی 17 ویں برسی (آج) منائی جائے گی

کراچی (اے این این) پاکستان کے سابق نگران وزیراعظم غلام مصطفیٰ جتوئی کی 17 ویں برسی (آج) 20 نومبر کو منائی جائے گی۔ نیشنل پیپلز پارٹی کے سربراہ و معروف سیاستدان غلام مصطفیٰ جتوئی 14 اگست 1931 کو سندھ کے ضلع نواب شاہ کے علاقہ نیو جتوئی میں پیدا ہو (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

ٹیلی ویژن کی اہمیت کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ٹیلی ویژن کی اہمیت کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد لوگوں کی تعلیم و تربیت اور معلومات کے حصول کیلئے ٹیلی ویژن کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے اس دن کے حوالے سے مختلف الیکٹرانکس کمپنیوں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ماہی گیری کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ماہی گیری کا عالمی دن 21 نومبر کو منایا جائے گا۔ پاکستان کے ساحلی علاقوں میں سب سے قدیم پیشہ اور سب سے زیادہ افراد کے روزگار کا ذریعہ ماہی گیری ہی ہے۔ ساحلی (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

اینکر ربیعہ احسن قتل کیس، ملزم شوہر جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل منتقل

راولپنڈی (جی این ایم) اینکر ربیعہ احسن کے پراسرار قتل کیس میں گرفتار شوہر احسن طاہر کو 9 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں عدالت نے ملزم کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا۔ ملزم شوہر (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

ایل این جی کے 2 کارگوز کیلئے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 30 نومبر تک توسیع

اسلام آباد (جی این ایم) سردیوں میں گیس کی قلت پر قابو پانے کیلئے ایل این جی کے 2 کارگوز کیلئے بولیاں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 30 نومبر تک توسیع کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ایک ایل این جی کارگو کی ڈیلیوری کے دورانیے میں بھی تبدیلی کر دی گئی، اس سے قبل 18 نومبر تک عالمی سپلائرز سے بولیاں طلب کی گئی تھیں، (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان کا گوادر کا دورہ

سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے ضلعی دفتر صحت گوادر کا دورہ کیا، جہاں ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر نے انہیں ضلع بھر میں محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور، سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت کی فعالیت، دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، افرادی قوت اور صحت عامہ کے جاری اقدامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

خاتون رکنِ اسمبلی کیخلاف نازیبا الفاظ کے استعمال پر وزیرِ داخلہ کا اجلاس سے احتجاجی واک آوٹ

اسپیکر کی ہدایت پر زمرک خان اچکزئی پر مشتمل کمیٹی وزیرِ داخلہ کو منانے روانہ، وزیرِ اعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایوان میں موجود رہے

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران سابق صوبائی وزیر کی جانب سے ایک خاتون رکنِ اسمبلی کے خلاف مبینہ طور پر نازیبا الفاظ کے استعمال پر وزیرِ داخلہ بلوچستان نے شدید احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ایوان سے واک آوٹ کیا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران اس معاملے پر ایوان میں تلخی پیدا ہوئی، جس کے بعد وزیرِ داخلہ نے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

نظر آ رہا ہے حکومت جا رہی ہے، نظام بدل رہا ہے، سینیٹر علی ظفر

صوبے بننے سے ریفرنڈم کا تعلق نہیں، صوبائی اسمبلی، سینیٹ اور قومی اسمبلی سے اجازت لینی چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی رہنما سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ دیر آید درست آید، بلاول بھٹو کو اپنی غلطی کا احساس ہوا، پیپلز پارٹی حکومتی اتحاد سے استعفیٰ دے کر اپوزیشن میں آئے، ہم دیکھیں گے نورا کشتی تو نہیں ہو رہی، ہم نے استعمال نہیں ہونا، نظر آ رہا ہے حکومت (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نارکوٹکس کنٹرول کی کارروائی 133 ایکڑ بھنگ کی فصل تلف

منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خلاف آپریشن، 133 ایکڑ اراضی کلیئر کر دی گئی

پشین (خ ن) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، نارکوٹکس کنٹرول نے منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خاتمے کے لیے پشین میں بھرپور اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 133 ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی بھنگ (چرس) کی فصل تلف کر دی۔ محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

پاکستان کا آئین خاندان، ماں اور بچے کے تحفظ کا ضامن ہے، وفاقی وزیر

پاکستان بچوں کو ہر قسم کے تشدد سے محفوظ رکھنے کے عالمی عزم پر قائم ہے، اعظم نذیر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے پاکستان کے عالمی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر بچے کو ہر ماحول میں ہر قسم کے تشدد سے محفوظ بنانے کے لیے مؤثر اقدامات اور عملی منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔ بدھ کو منیلا، فلپائن میں بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے سے متعلق دوسری عالمی وزارتی کانفرنس (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

لاہور، ڈاکٹر یاسمین راشد کی دو مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ملتوی

پراسیکیوشن نے مقدمات کا ریکارڈ پیش نہیں کیا، عدالت کا اظہار برہمی، پراسیکیوشن کو ریکارڈ پیش کرنے کا آخری موقع

لاہور (جی این ایم) ڈاکٹر یاسمین راشد کیخلاف عسکری ٹاور حملہ سمیت دو مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ملتوی ہوگئی۔ لاہور میں انسداد دہشت گردی عدالت میں ڈاکٹر یاسمین راشد کی بعد از گرفتاری درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، ڈاکٹر یاسمین راشد (باقی صفحہ 3 نمبر 30)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور مالدیپ کا تجارت کے فروغ کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق

مشترکہ ورکنگ گروپ دونوں ممالک کے تجارتی تعلقات مضبوط اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے میں اہم کردار ادا کریگا

دوطرفہ تعلقات اور اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کا اعلیٰ سطح کا وفد جلد مالدیپ کا دورہ کرے گا، وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری اور مالدیپ کے وزیر تجارت محمد سعید کے درمیان آن لائن ملاقات ہوئی، جس میں دونوں ممالک نے تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ مشترکہ ورکنگ گروپ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات مضبوط بنانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کو چاول، چینی، پھل اور سبزیوں کی برآمدات بڑھانے کا خواہاں ہے، جبکہ ادویات اور ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں اضافے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیر بحری امور کا کہنا تھا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ بحری تعاون کے نئے مواقع تلاش کر رہا ہے تاکہ دونوں (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

میر رضا قتل کیس، جے آئی ٹی سربراہ عرفان بلوچ کی اہل خانہ سے ملاقات

کراچی (جی این ایم) کراچی میں نوجوان تاجر میر رضا کے قتل کیس کی تحقیقات میں اہم پیش رفت، جے آئی ٹی کے سربراہ ڈی آئی جی عرفان بلوچ میر رضا کے گھر پہنچے اور اہلخانہ سے ملاقات کر کے انہیں اب تک کی تفتیشی پیش (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ریاض پر حوثیوں کا کروز میزائل حملہ ناکام، میزائل فضا میں روک کر تباہ کر دیا گیا، سعودی اتحاد

اتحادی افواج کا یمن میں حوثی باغیوں کے 60 فوجی اہداف تباہ کرنے کا دعویٰ، فضائی حملوں میں 11 افراد ہلاک

ریاض، صنعا (اے این این) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض پر حوثیوں کا کروز میزائل حملہ ناکام بنا دیا گیا، سعودی اتحاد نے میزائل کو فضا میں ہی روک کر تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اتحادی افواج نے بدھ کی علی الصبح اعلان کیا کہ اس نے ملک بھر میں حوثی باغیوں کے 60 فوجی اہداف پر حملے کیے ہیں۔ اتحادی افواج کے ترجمان میجر جنرل (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کوئٹہ میں گیس کی مین لائن متاثر، تین علاقوں میں سپلائی معطل

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں این ایچ اے کے سڑک کی تعمیر کے منصوبے کے دوران گیس کی 16 انچ قطر کی مرکزی پائپ لائن متاثر ہوگئی، جس کے باعث مستونگ، قلات اور ملحقہ علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل کر دی گئی (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو گداگری سے پاک کرنے کا فیصلہ

پیشہ ور گداگروں کے خلاف روزانہ کارروائی ہوگی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں گداگری کے خاتمے اور اس کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ، محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران اور پولیس کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر کے مختلف سگنلز، چوراہوں اور دیگر اہم مقامات پر گداگری میں ملوث بچوں اور دیگر افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں مزید تیزی لائی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)



کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی شائلہ رانا چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی و دیگر کو تیسری بین الاقوامی اسکول ایوارڈز و گلوبل اسکولز کانفرنس 2026 کے موقع پر ایوارڈز دے رہی ہیں